مسلسل اشاعت کے 11سال
خدا کی رضا خدمت انسانیت میں مضمر ہے
ABC certified
★★★ ★★★
روزنامہ
تعمیر انسانیت
لاہور
ایڈیٹر انچیف
ایس۔ اے۔ صہبائی
ایڈیٹر
عثمان غنی
Cell :
92-300-9705028
WhatsApp
0334-4299992
+923004634062
E-mail
sehbanarif.journalist@gmail.com
جلد ۱۱
بدھ 23اگست 2023، 05صفر 1445ھ 10بھادوں 2079ب صفحات 4 قیمت 15
شمارہ 130

بٹگرام میں رسی ٹوٹنے سے چیئر لفٹ پھنس گئی، 8 افراد کو بچانے کیلئے فوجی آپریشن

واقعہ صبح 7 سے 8 بجے کے درمیان پیش آیا جب طلبہ کیبل کار کے ذریعے اسکول جا رہے تھے، آپریشن پاک فوج اور پاک فضائیہ کے 2 ہیلی کاپٹروں کے ذریعے مسلح افواج کا خصوصی یونٹ کر رہا ہے، جواد حسین

مقامی ٹیچر ظفر اقبال نے بھی ہیلی کاپٹر پہنچنے کی تصدیق کی ہے، کیبل کار میں سوار ایک طالب علم کئی گھنٹوں سے بے ہوش ہے، بلندی پر پھنسے طلبہ کی عمریں 10 سے 15 سال کے درمیان ہیں، گلفراز

بٹگرام (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع بٹگرام کی تحصیل الائی میں پاشتو کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

شہباز شریف کی بٹگرام میں چیئرلفٹ میں پھنسے بچوں اور اساتذہ کے ریسکیو آپریشن کی کامیابی قوم سے دعا کی اپیل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیر اعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے چیئرپرسن قومی کمیشن برائے حقوق اطفال عائشہ رضا ملاقات کر رہی ہیں

وزیر اعظم سے چیئرپرسن قومی کمیشن برائے حقوق اطفال عائشہ رضا کی ملاقات

بچوں کے حقوق کی پامالی کرنے والے مجرمان کے خلاف باقاعدہ قانونی کارروائی کی جائیگی، وزیر اعظم

ملک میں بچوں کے حقوق کے تحفظ اور قومی کمیشن برائے حقوق اطفال کو سہولت فراہم کرنے کیلئے مؤثر قانون سازی کی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ بچوں کے حقوق کی پامالی کرنے والے مجرمان کے خلاف باقاعدہ قانونی کارروائی کی جائیگی اور انہیں جلد از جلد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی کا ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کا تفصیلی دورہ

ایم ایس، وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کو وارننگ، بہتری کے لئے 7 روز کی ڈیڈ لائن، پیسے لینے والے گارڈز گرفتار کرا دیئے

وزیر اعلی محسن نقوی سخت برہم، بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا- ہسپتال میں علاج معالجے کی سہولتوں کے فقدان اور بری حالت پر مریضوں اور تیمارداروں نے شکایات کے انبار لگا دیئے -وزیر اعلی محسن نقوی نے ایم ایس ہسپتال اور وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کو سخت وارننگ دیتے ہوئے ہسپتال کو بہتر کرنے کے لئے 7 روز کی ڈیڈ لائن دی- ہسپتال میں صفائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

آفیشل سیکریٹ ایکٹ، آرمی ترمیمی ایکٹ بل دستخط نہ کرنے کا معاملہ سپریم کورٹ پہنچ گیا

صدر مملکت کے بیان کے بعد قانون سازی پر سوالات اٹھ رہے ہیں، آفیشل سیکرٹ اور آرمی ترمیمی ایکٹ سے براہ راست عوام کے حقوق وابستہ ہیں، موقف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت عارف علوی کے آفیشل سیکریٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل پر دستخط نہ کرنے کا معاملہ سپریم کورٹ پہنچ گیا- منگل کو سپریم کورٹ میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل معاملے کی تحقیقات کے لیے درخواست دائر کر دی گئی- درخواست ایڈووکیٹ ذوالفقار بھٹہ نے دائر کی اور وفاقی حکومت کو فریق بنایا گیا ہے- درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ معاملے کی تحقیقات کے لیے حکومت کو 10 دن میں سپریم کورٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ وفاقی کابینہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لوگوں کی زندگیوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے، محسن نقوی

نگران وزیر اعلی محسن نقوی کا دریائے ستلج کے سیلاب متاثرہ علاقوں کا فضائی دورہ، چیف سیکرٹری، انسپکٹر جنرل پولیس بھی ہمراہ

قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، عارفوالا اور دیگر علاقوں میں متاثرہ دیہات کا جائزہ، متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور ریلیف آپریشن تیز کرنے کی ہدایت

وزیر اعلی نے نقشے کی مدد سے چیف سیکرٹری اور انسپکٹر جنرل پولیس کو متاثرہ دیہات میں امدادی سرگرمیوں کے بارے میں ضروری ہدایات دیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی نے دریائے ستلج کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی دورہ کیا۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور انسپکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر عثمان انور بھی ہمراہ تھے۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، عارفوالا اور دیگر علاقوں میں متاثرہ دیہات کا جائزہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

معمول کی پالیسیوں پر عمل پیرا رہیں گے، قواعد وضوابط کی سنگین کی خلاف ورزی کی صورت میں مداخلت کا اختیار رہے، کابینہ اجلاس سے خطاب

وزیر اعظم
گزشتہ حکومت کی پالیسیوں کا تسلسل جاری رکھیں گے

ہماری بنیادی ذمے داری انتخابات کیلئے بھرپور معاونت فراہم کرنا ہے، نگراں حکومت کے پاس روزمرہ امور چلانے کا اختیار رہے، تمام وزرا اپنی اپنی وزارتوں سے بریفنگ لیں، آئندہ کابینہ اجلاس کے ایجنڈے کا فیصلہ بریفنگ کی بنیاد پر ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ آئین کے تحت نگراں حکومت مختصر مدت کے لیے آئی ہے۔ گزشتہ حکومت کی پالیسیوں کا تسلسل جاری رکھیں گے۔ کابینہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے نگراں وزیر اعظم نے کہا کہ معمول کی پالیسیوں پر عمل پیرا رہیں گے۔ قواعد وضوابط کی سنگین کی خلاف ورزی کی صورت میں مداخلت کا اختیار ہے۔ ہماری بنیادی ذمے داری انتخابات کے لیے بھرپور معاونت فراہم کرنا ہے۔ انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے پاکستان سپیشل اولمپکس ٹیم ملاقات کرتے ہوئے

چیئرمین پی ٹی آئی کو 5 مقدمات میں مختلف تاریخوں پر طلبی کے نوٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کو دہشت گردی ایکٹ کے تحت درج 5 مقدمات میں مختلف تاریخوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

الیکشن کی تاریخ دینا صدر کی آئینی ذمہ داری ہے، لاہور ہائیکورٹ

اگر صدر الیکشن کی تاریخ دے دیتے تو صورتحال مختلف ہوتی، نئی حلقہ بندیوں کیخلاف کیس میں ریمارکس

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کی جانب سے نئی حلقہ بندیوں کے نوٹیفکیشن کے خلاف کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ الیکشن کی تاریخ دینا صدر کی آئینی ذمہ داری ہے، اگر صدر الیکشن کی تاریخ دے دیتے تو صورتحال مختلف ہوتی۔ لاہور ہائیکورٹ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

الیکشن کمیشن کو چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف حتمی فیصلے سے روک دیا گیا

لاہور ہائیکورٹ نے آئندہ سماعت پر الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کر دیئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف حتمی فیصلہ کرنے سے روک دیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف الیکشن کمیشن کی جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

سپریم کورٹ نے پانامہ جے آئی ٹی رپورٹ کا والیم 10 کھولنے کی درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے پانامہ والیم 10 سے متعلق براڈشیٹ کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی۔ براڈشیٹ کمپنی کی پانامہ جے آئی ٹی کے والیم 10 تک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

کرپشن ریفرنس، نیب نے شرجیل میمن کی درخواست پر جواب جمع کرا دیا

ملزمان کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال کا ریفرنس دائر کیا گیا تھا، نیب کا جواب

کراچی (بیورو رپورٹ) نیب نے پونے چھ ارب روپے کی کرپشن کے ریفرنس میں شرجیل میمن کی درخواست پر کراچی احتساب عدالت میں جواب جمع کرا دیا- سابق صوبائی وزیر شرجیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

بجلی کی قیمتوں میں پھر اضافے کی تیاری، بجلی 2 روپے 7 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بجلی کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافے کی تیاری، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

جنوبی وزیرستان: دہشتگردوں سے فائرنگ کا تبادلہ، 6 سپاہی شہید، 4 دہشتگرد ہلاک

ہمارے بہادر سپاہیوں کی ایسی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں، مسلح افواج دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

جنوبی وزیرستان (مانیٹرنگ ڈیسک) سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ میں 6 جوان شہید ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق جنوبی وزیرستان کے علاقے اسمان منزہ میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

دہشت گردی کا خاتمہ پاکستان کی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیر اعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اسمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

بٹگرام: چیئرلفٹ میں پھنسے افراد کو بچانے کیلئے ریسکیو آپریشن کیا جا رہا ہے

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی سے ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے محسن حسن بٹ ملاقات کر رہے ہیں

سندھ کی نگران کابینہ کا امن و امان سمیت متعدد منصوبوں پر کام تیز کرنے کا فیصلہ

ہمیں امن و امان کے مسئلے کا سامنا ہے اسے بہتر کرنا ہے، جاری ترقیاتی کاموں کو وقت پر مکمل کریں، جسٹس (ر) مقبول باقر

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر کی زیر صدارت نگران صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں وزرا، نئے چیف سیکرٹری ڈاکٹر فخر عالم، چیئرمین پی اینڈ ڈی حسن نقوی، سیکرٹری رحیم شیخ، فنانس سیکرٹری ندیم میمن اور سیکرٹری قانون نے شرکت کی۔ اجلاس میں کچھ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

صدر مملکت سے اولڈ ایج ہوم، عافیت ملتان کے وفد کی ملاقات، ٹرسٹ اور عافیت کے کردار کی تعریف

بے گھر اور بزرگ افراد کو تمام بنیادی سہولیات، ضروریات زندگی پہنچانے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے اولڈ ایج ہوم، عافیت ملتان کے وفد نے ملاقات کی جس میں صدر مملکت نے بزرگ افراد کا خیال رکھنے پر تارے زمین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

توہین الیکشن کمیشن کیس: چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمر اور فواد چوہدری کی حاضری سے استثنی کی درخواستیں منظور

چیئرمین پی ٹی آئی کو فرد جرم عائد کرنے کیلئے جیل سے بھی بلایا جا سکتا تھا، ڈی جی لاء الیکشن کمیشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے توہین الیکشن کمیشن کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمر اور فواد چوہدری کی حاضری سے استثنی کی درخواستیں منظور کر لیں، الیکشن کمیشن نے کیس کی مزید سماعت پانچ ستمبر تک ملتوی کر دی۔ الیکشن کمیشن ممبر نثار درانی کی زیر صدارت تین رکنی کمیشن نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

سپریم کورٹ نے نیب کی جانب سے مریم نواز کی ضمانت منسوخی کی درخواست واپس لینے کی بنا پر خارج کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آرگنائزر مسلم لیگ (ن) مریم نواز کو شوگر ملز کیس میں سپریم کورٹ سے بڑا ریلیف مل گیا، عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

سائفر کیس میں اسد عمر کی 29 اگست تک ضمانت منظور

اسد عمر کی تھانہ سنگجانی میں درج مقدمے میں 12 اکتوبر تک ضمانت میں توسیع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آفیشل سیکرٹ ایکٹ عدالت اسلام آباد نے سائفر کیس میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی 29 اگست تک ضمانت منظور کر لی۔ اسد عمر نے سائفر کیس میں آفیشل سیکرٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

کابینہ کی آئندہ ہفتے قومی سطح پر بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس منعقد کرنے کی ہدایت

کانفرنس میں بین الاقوامی سطح کے مختلف مذاہب اور مکاتب فکر کے علماء کو مدعو کیا جائے

کانفرنس پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی، وفاقی کابینہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ نے آئندہ ہفتے قومی سطح پر بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس منعقد کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانفرنس میں بین الاقوامی سطح کے مختلف مذاہب اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

چیئرمین سینیٹ سے ایران کے سفیر کی ملاقات، تجارتی تعاون، دوطرفہ تعلقات بڑھانے پر تبادلہ خیال

پاکستان اور ایران خطے کی ترقی اور خوشحالی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے کوشاں ہیں، صادق سنجرانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سے ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، پارلیمانی روابط، تجارتی تعاون اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: نگران وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

بٹگرام، چیئرلفٹ میں 8 افراد جن میں 6 بچے شامل ہیں، این ڈی ایم اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان نے کہا ہے کہ بٹگرام میں ایک کیبل ٹوٹنے کی وجہ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

آخری دہشت گرد اور ان کے سرپرستوں کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، بلاول بھٹو، آصف زرداری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور سابق صدر آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

چیئرمین سینیٹ سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے برطانیہ کی ہائی کمشنر جین میریٹ نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

نگراں وزیر اعظم کی بٹگرام، پاشتو کے مقام پر چیئرلفٹ میں پھنسے افراد کو نکالنے کیلئے فوری ریسکیو آپریشن کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے بٹگرام میں پاشتو کے مقام پر چیئرلفٹ میں پھنسے 8 افراد کو نکالنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

نگران وزیر اعظم سے بلوچستان کے وفد کی ملاقات

انوار الحق کاکڑ کی مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر کوششوں کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان بنگلزئی کی قیادت میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 6 رکنی وفد نے ملاقات کی جس میں وزیر اعظم نے نگران حکومت کی جانب سے بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر کوششوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

لاہور: نگران وزیر اعلی پنجاب محسن نقوی ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کے دورے کے دوران زیر علاج بچے کی خیریت دریافت کر رہے ہیں

راجہ پرویز اشرف کا سکیورٹی فورسز کے 6 جوانوں کے جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار

سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف جنگ سے نبرد آزما ہیں، پوری قوم کو اپنے بہادر جوانوں پر فخر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں سکیورٹی فورسز کے 6 جوانوں کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ منگل کو اپنے بیان میں انہوں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

کیو اے یو اور لین ای یونیورسٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد اور چین کی لین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

صدر اور سیکرٹری کے تنازع نے ایوان صدر کو فٹبال میدان بنا دیا ہے، فیصل کریم کنڈی

عمران خان نے سائفر کے نام پر ملک کو تماشا بنایا اب ڈاکٹر علوی ملک کو تماشا بنا رہا ہے، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر اور سیکرٹری کے تنازع نے ایوان صدر کو فٹبال میدان بنا دیا ہے۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صدر اور ان کے سیکریٹری کی بیان بازی سے ملک تماشا بن رہا ہے، عمران خان نے سائفر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

ہمارے آنے سے پہلے چیئرمین پی ٹی آئی ایک سیٹ جیتے تھے: جہانگیر ترین

ہم جیسے لوگوں کے جوائن کرنے سے پہلے چیئرمین پی ٹی آئی صرف ایک سیٹ جیتے تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے پیٹرن انچیف جہانگیر خان ترین نے کہا ہے کہ لوگوں کی پارٹی میں شمولیت اس طرح ہو جائے گی کہ جہاز استعمال نہیں کرنا پڑے گا، ابھی ہم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

نگران وزیر داخلہ
کسی کو اجازت نہیں کہ دفاعی اداروں کیخلاف ایسی زبان بولے جو ایمان اور علی وزیر نے استعمال کی

چیئرمین نے جو سہولیات مانگیں وہ دے رہے ہیں، کیمرا لگانا قانون میں نہیں تو ہٹا دیا جائے گا، نگران وزیر داخلہ سرفراز بگٹی کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کسی کو اجازت نہیں کہ ایسی زبان بولے جو ایمان مزاری اور علی وزیر نے استعمال کی۔ ایک بیان میں سرفراز بگٹی نے کہا کہ پی ٹی آئی نے خود سائفر کا معاملہ اچھالا تھا، اس کیس میں عدالت نے شاہ محمود کا 4 دن کا ریمانڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے شیر افضل مروت کیخلاف مزید تادیبی کارروائی سے روک دیا

عدالت نے وکیل شیر افضل مروت کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات 30 اگست تک طلب کر لیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے مقدمات کی تفصیلات آنے تک چیئرمین پی ٹی آئی کی لیگل ٹیم کے وکیل شیر افضل مروت کے خلاف مزید تادیبی کارروائی سے روک دیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد: وفاقی وزیر جمال شاہ سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ضرورت
برائے
نمائندگان

کراچی اسلام آباد کوئٹہ آزاد کشمیر ملتان اور لاہور سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار
★★★ ★★★
ایڈیٹر انچیف
ایس اے صہبائی
روزنامہ
ایڈیٹر: راشد نیاز مغل
اسلام آباد
تعمیر انسانیت
Tameerins@gmal.com

ملک بھر سے
بیورو چیف، ڈپٹی بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر، تحصیل رپورٹر، کرائم رپورٹر، سٹی رپورٹر، سپورٹس رپورٹر، ایجوکیشن رپورٹر، نمائندہ خصوصی اور اعزازی نمائندگان کی ضرورت ہے۔
صحافت سے دلچسپی رکھنے والے رابطہ کریں۔

برائے رابطہ
0334-4299992
+92-300-9705028,0318-1110544,0311-8404385
P.O.Box: 1111 GPO Saddar Rawal Pindi Pakistan.

آپ حیران ہوں گے

انور عادل

خانزادہ نوابشاہ

آپ حیران ہوں گے میٹرک کلاس کا پہلا امتحان برصغیر پاک و ہند 1858ء ۓ میں ہوا اور برطانوی حکومت نے یہ طے کیا کہ برصغیر کے لوگ ہماری عقل سے آدھے ہوتے ہیں اس لیے ہمارے پاس "پاسنگ مارکس "65" ہیں تو برصغیر والوں کے لیے 32اعشاریہ 5 ہونے چاہئیں۔ دو سال بعد 1860ء ۓ میں اساتذہ کی آسانی کے لیے پاسنگ مارکس 33 کر دیے گئے اور ہم تا حال بھی ان ہی 33 نمبروں سے اپنے بچوں کی ذہانت کو تلاش کرنے میں مصروف ہیں۔

جاپان کی مثال لے لیں تیسری جماعت تک بچوں کو ایک ہی مضمون سکھایا جاتا ہے اور وہ "اخلاقیات" اور "آداب" ہیں۔ حضرت علی؟ نے فرمایا "جس میں ادب نہیں اس میں دین نہیں"۔ مجھے نہیں معلوم کہ جاپان والے حضرت علی؟ کو کیسے جانتے ہیں اور ہمیں ابھی تک ان کی یہ بات معلوم کیوں نہ ہوسکی۔ بہر حال، اس پر عمل کی ذمہ داری فی الحال جاپان والوں نے لی ہوئی ہے۔ ہمارے ایک دوست جاپان گئے اور ایئر پورٹ پر پہنچ کر انہوں نے اپنا تعارف کروایا کہ وہ ایک استاد ہیں اور پھر ان کو لگا کہ شاید وہ جاپان کے وزیراعظم ہیں۔ یہ ہے قوموں کی ترقی اور عروج و زوال کا راز۔

اشفاق احمد صاحب کو ایک دفعہ اٹلی میں عدالت جانا پڑا اور انہوں نے بھی اپنا تعارف کروایا کہ میں استاد ہوں وہ لکھتے ہیں کہ جج سمیت کورٹ میں موجود تمام لوگ اپنی نشستوں سے کھڑے ہوگئے. اس دن مجھے معلوم ہوا کہ قوموں کی عزت کا راز استادوں کی عزت میں ہے۔ آپ یقین کریں استادوں کو عزت وہی قوم دیتی ہے جو تعلیم کو عزت دیتی ہے اور اپنی آنے والی نسلوں سے پیار کرتی ہے۔ جاپان میں معاشرتی علوم "پڑھائی" نہیں جاتی ہے کیونکہ یہ سکھانے کی چیز ہے اور وہ اپنی نسلوں کو بہت خوبی کے ساتھ معاشرت سکھا رہے ہیں۔ جاپان کے اسکولوں میں صفائی ستھرائی کے لیے بچے اور اساتذہ خود ہی اہتمام کرتے ہیں، صبح آٹھ بجے اسکول آنے کے بعد سے 10 بجے تک پورا اسکول بچوں اور اساتذہ سمیت صفائی میں مشغول رہتا ہے۔

دوسری طرف آپ ہمارا تعلیمی نظام ملاحظہ کریں جو صرف نقل اور چھپائی پر مشتمل ہے، ہمارے بچے "پبلشرز" بن چکے ہیں۔ آپ تماشہ دیکھیں جو کتاب میں لکھا ہوتا ہے اساتذہ اسی کو بورڈ پر نقل کرتے ہیں، بچے دوبارہ اسی کو کاپی پر چھاپ دیتے ہیں، اساتذہ اسی نقل شدہ اور چھپے ہوئے مواد کو امتحان میں دیتے ہیں، خود ہی اہم سوالوں پر نشانات لگواتے ہیں اور خود ہی پیپر بناتے ہیں اور خود ہی اس کو چیک کر کے خود نمبر بھی دے دیتے ہیں، بچے کے پاس یا فیل ہونے کا فیصلہ بھی خود ہی صادر کر دیتے ہیں اور ماں باپ اس نتیجے پر تالیاں بجا بجا کر بچوں کے ذہین اور قابل ہونے کے گن گاتے رہتے ہیں، جن کے بچے فیل ہو جاتے ہیں وہ اس نتیجے پر افسوس کرتے رہتے ہیں اور اپنے بچے کو "کوڑھ مغز" اور "کند ذہن" کا طعنہ دیتے رہتے ہیں۔ آپ ایمانداری سے بتائیں اس سب کام میں بچے نے کیا سیکھا، سوائے نقل کرنے اور چھاپنے کے؟ ہم 13،14 سال تک بچوں کو قطار میں کھڑا کر کر کے اسمبلی کرواتے ہیں اور وہ اسکول سے فارغ ہوتے ہی قطار کو توڑ کر اپنا کام کرواتے ہیں، جو جتنے بڑے اسکول سے پڑھا ہوتا ہے قطار کو روندتے ہوئے سب سے پہلے اپنا کام کروانے کا ہنر جانتا ہے۔ ہم پہلی سے لے کر اور دسویں تک اپنے بچوں کو "سوشل اسٹڈیز" پڑھاتے ہیں اور معاشرے میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ یہ بتانے اور سمجھانے کے لیے کافی ہے کہ ہم نے کتنا "سوشل" ہونا سیکھا ہے؟ اسکول میں سارا وقت سائنس "رٹتے" گزرتا ہے اور آپ کو پورے ملک میں کوئی "سائنس دان" نامی چیز نظر نہیں آئے گی کیونکہ بدقسمتی سے سائنس "سیکھنے" کی اور خود تجربہ کرنے کی چیز ہے اور ہم اسے بھی "رٹا" لگواتے ہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ اسکولز کے پرنسپل صاحبان اور ذمہ دار اساتذہ اکرام سر جوڑ کر بیٹھیں اس "گلے سڑے" اور "بوسیدہ" نظام تعلیم کو اٹھا کر پھینکیں، بچوں کو "طوطا" بنانے کے بجائے "قابل" بنانے کے بارے میں سوچیں۔ جس ملک کا تعلیمی نظام بہترین ہو، وہاں سے ایک تعلیم یافتہ اور مہذب قوم پیدا ہوتی ہے اور ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے۔ گزشتہ چند سالوں سے سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ درسی کتب چھپوا کر سرکاری اسکولوں میں زیر تعلیم بچوں میں مفت تقسیم کر رہا ہے، جس سے غریب اور مستحق بچے مستفید ہو رہے ہیں تعلیمی نظام میں، وسائل تعلیم کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اور وسائل تعلیم میں سے درسی کتب کی سب سے زیادہ ضرورت و اہمیت ہے۔ سندھ بھر جماعت اول سے جماعت پنجم تک درسی کتب کی فراہمی سندھ حکومت نے اپنے ذمہ لے رکھی ہے۔ لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ اب تک اکثر سرکاری اسکولوں میں نئی کتابوں کی ترسیل نہیں ہوئی۔ اس عدم توجہ سے جہاں طلباء ۓ کا ناقابل تلافی نقصان ہو رہا ہے وہیں اساتذہ بھی پریشان ہیں کیونکہ کتب کی ترسیل میں تاخیر کی وجہ سے ان کے لیے بروقت نصاب کی تکمیل بھی ایک چیلنج سے کم نہیں۔ بچے اور ان کے والدین کتابوں کی فراہمی میں تاخیر کے سبب پریشانی کا شکار ہیں۔ شہر میں بڑے کتابوں کے مرکز میں والدین کا ایک ہجوم ہے جو مطلوبہ درسی کتب تلاش کر رہے ہیں۔ درسی کتب کی تلاش میں والدین سرگرداں ہیں

8واں عیسیٰ لیب ٹرافی باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید 2 میچوں کا فیصلہ

کراچی (رپورٹ فرمان سومرو) انٹرنیشنل عبدالناصر باسکٹ بال کورٹ آرام باغ پر جاری 8 واں عیسیٰ لیب ٹرافی بوائز اینڈ گرلز باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید 2 میچوں کا فیصلہ ہوگیا، ان میچوں میں محمد دانش، حماد وسیم، عون اکرم اور محمد سمیر نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا، آج کھیلے گئے پہلے میچ میں بحریہ کلب نے عثمان کلب کو 57-49 پوائنٹس سے شکست دے دی، فاتح ٹیم کی جانب سے محمد دانش نے 3 تھری پوائنٹرز کی مدد سے 20 عون اکرم نے 14 حماد وسیم نے 14 پوائنٹس اسکور کئے جبکہ رنر ٹیم کی جانب سے مبارز حسین نے 9 حمزہ خواجہ نے 9 اور نبیل احمد نے 8 پوائنٹس اسکور کئے، دوسرے میچ میں رومینس کلب نے ممبا اسکوڈ کو 40-36 پوائنٹس سے شکست دے دی، ونر ٹیم رومینس کلب کی جانب سے NBEEGH نے 10 سید احمد علی نے 9 معاز زبیری نے 9 پوائنٹس اسکور کئے جبکہ رنر ٹیم ممبا اسکواڈ کی جانب سے محمد سمیر نے 14 عبداللہ نے 12 حمزہ خان نے 2 پوائنٹس اسکور کئے، ان میچوں میں حاجی اشرف یکی، ممتاز احمد، عامر شریف نے ریفریض کے جبکہ زاہد ملک، زعیمہ خاتون، نعیم احمد اور مائیکل ٹرنر نے ٹیکنیکل آفیشلز کے فرائض انجام دیئے، میچوں کے آغاز پر اسسٹنٹ کمشنر جنرل عابد قمر شیخ سے کھلاڑیوں کا تعارف کرایا گیا، اس موقع پر محمد یعقوب، اعجاز احمد قریشی اور دیگر موجود تھے۔

شیخوپورہ: (نعمان بیگ سے) ایس ایچ او تھانہ مانانوالہ جمشید اقبال کی بڑی کاروائی

علاقہ بھر میں خوف کی علامت سمجھا جانے والا اویس ڈکیت گینگ گرفتار, مقدمہ درج ایس ایچ او تھانہ مانانوالہ جمشید اقبال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروا?ی کرتے ہو?ے اویس ڈکیت گینگ کے 3 ارکان کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا ڈکیت گینگ کے قبضہ سے 5 لاکھ روپے نقدی اور 14 موٹر سا?یکلیں برآمد اویس ڈکیت گینگ شیخوپورہ کے متعدد تھانوں کو مطلوب تھا: ایس ایچ او جمشید اقبال یہ گینگ اسلحہ کے زور پر ڈکیتی و راہزنی جیسی سنگین وارداتیں کرتے تھے, اس کے علاوہ کبھی کبھار چوری جیسی واردات بھی کرتے تھے: ایس ایچ او جمشید اقبال

مورو میں شہید صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے صحافیوں اور ایس یو پی رہنماؤں کا پریس کلب کیسامنے احتجاجی مظاہرہ

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) مورو میں شہید صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے پریس کلب کے صحافیوں اور ایس یو پی رہنماؤں کی جانب سے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ جس کی قیادت محمد سومر سولنگی، یاسین سومرو، محمد خان ڈاہری، صحافی سندھی الطاف سومرو، محمد بخش عالمانی، لطف اللہ عباسی، حافظ عبدالحق پنہور، علی اصغر کورائی، وحید رزاق مستوئی، دین محمد کلہوڑو، ایاز سولنگی، محمد جمن سولنگی، اختر علی لغاری، جانی مرائی، ریاض عالمانی، خلیل اللہ کوریجو، عبدالفتاح ڈاہری اور دیگر کر رہے تھے۔ اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ جان محمد مہر ایک نڈر اور ایماندار صحافی تھے جنہوں نے ہمیشہ غریب عوام کی آواز ایوانوں تک پہنچائی جس کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ صحافی جان محمد مہر کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ جلد از جلد گرفتار کر کے انصاف کے کٹھرے میں لایا جائے۔

ڈاہری عوامی اتحاد کے چیف آرگنائزر علی گوہر ڈاہری کا معصوم حذیفہ آرائیں کے واقعہ پر افسوس کا اظہار



مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) ضلع نوشہرو فیروز کے ڈاہری عوامی اتحاد کے چیف آرگنائزر علی گوہر ڈاہری نے اپنے بیان میں لطیف کالونی میں گزشتہ روز ہونے والے معصوم حذیفہ آرائیں کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اس واقعہ پر شدید دکھ ہوا ہے اور پوری ڈاہری برادری اس واقعہ پر غمزدہ ہے، وہ اپنے دکھ کا اظہار کرتے ہیں اور معصوم حذیفہ کے لواحقین سے ہمدردی رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ہم ڈاہری برادری کی طرف سے حذیفہ کی عیادت کے لیے گئے تھے اور عیادت کے عمل کو سوشل میڈیا پر غلط طریقے سے پیش کیا جا رہا ہے، اس میں کوئی صداقت نہیں، ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔ واقعہ میں گرفتار کر کے اس کے خلاف قانون کے مطابق مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، ہم سب کا تعلق ایک ہی شہر سے ہے، ہم ساتھ ہیں اور ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ان کو انصاف دلانے میں ہم ان کا بھرپور ساتھ دیں گے اور ان کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔

ایس ایس پی سمیر نور پولیس اہلکار کے بھیس میں ڈاکو نکلا

ضلع جیکب آباد (بیورو چیف ذوالفقار علی دشتی) ضلع جیکب آباد ظلم کی انتہا ایس ایس پی جیکب آباد سمیر نور چنا پولیس اہلکار کے بھیس میں ڈاکو نکلا اور سچ لکھنے کے جرم میں اپنی طاقت کا غلط استعمال کیا KTN نیوز سلطان کوٹ کے سینئر صحافی اسرار احمد چانڈیو کو بلوچستان پولیس سے اغوا کروا کے ان کے پیچھے 10 کلو چرس برآمد کر لی۔ سینئر صحافی اسرار احمد چانڈیو کے جھوٹے مقدمے پر آئی جی بلوچستان نے نوٹس لے لیا اور ڈی آئی جی سبی علی شیر جکھرانی نے اپنی ذمہ داری نبھائی، انہیں بھی انکوائری آفیسر مقرر کر کے انکوائری شروع کر دی، ڈی آئی جی سبی علی شیر جکھرانی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ انویسٹیگیشن میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی، اگر سینئر صحافی اسرار احمد چانڈیو کے خلاف کیس جھوٹا ثابت ہوتا ہے تو ملوث ذمہ داریوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔ لیکن سندھ کے آئی جی اور ڈی آئی جی نے تا حال کوئی نوٹس نہیں لیا۔ صحافی اسرار چانڈیو کے اغوا کا واقعہ۔ ہم آرمی چیف جنرل عاصم منیر۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آئی جی سندھ، ڈی آئی جی لاڑکانہ سے اپیل کی کہ صحافی اسرار احمد چانڈیو کے اغوا میں ملوث تمام پولیس اہلکاروں کی سی ڈی آر نکال کر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور سینئر صحافی اسرار احمد چانڈیو کے ساتھ انصاف کیا جائے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر چیف جسٹس سپریم کورٹ آئی جی سندھ اور ڈی آئی جی لاڑکانہ نوٹس لیں۔

کنسلٹنٹ انچارج ریجنل محتسب آفس احمد بخش کی زیر صدارت ایک کھلی کچہری کا انعقاد

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ منظور ملک) صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ اعجاز احمد خان اور اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کی ہدایات پر کنسلٹنٹ انچارج ریجنل محتسب آفس نوشہرو فیروز احمد بخش گھمرو کی زیر صدارت ایک کھلی کچہری ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس نوشہرو فیروز میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر انہوں نے ملازمین اور پینشنرز کی شکایات سنیں۔ شکایتوں میں ایل پی آر، کمیوٹیشن اور تنخواہوں اور پینشن کی عدم ادائیگی کی شکایات شامل تھیں، اس موقع پر کنسلٹنٹ انچارج نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ ریٹائرمنٹ حاصل کرنے والے ملازمین کی فہرستیں تیار کریں اور تمام ملازمین کو ترتیب وار ادائیگی کی جائے، اس موقع پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر امجد مغل، ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ اکبر چانڈیو اور دیگر افسران نے بتایا کہ کمیوٹیشن اور سالانہ چھٹیوں کی رقم کی ادائیگی کے لئے بجٹ نہ ہونے کے باعث تاخیر ہو رہی ہے۔

رینالہ خورد، پاکستان مسلم لیگ ن نے ملک کو ہر بار مشکل وقت سے نکالا، رانا ابوبکر افضل خاں

رینالہ خورد (تحصیل رپورٹر راجہ محسن منیر سے) پاکستان مسلم لیگ ن نے ملک کو ہر بار مشکل وقت سے نکالا، عمران خان کے اقتدار میں ملک دیوالیہ ہونے کے قریب تھا جس کو ن لیگ نے آ کر بچایا، رہنما، تفصیلات کے مطابق پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا ابوبکر افضل خاں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، سیاست کی قربانی دیکر ریاست بچانے کے لیے عملی کاوش کرنے پر میاں محمد شہباز شریف اور اتحادی جماعتوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں، انتہائی مشکل حالات، آئی ایم ایف کے ساتھ خراب تعلقات، تباہ شدہ معیشت، بیروزگاری، مہنگائی کا بے لگام طوفان، لاقانونیت اور مسائلستان سے بھرا ہوا پاکستان پی ڈی ایم کو ملا اس وقت ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنا پاگل پن تھا اور اپنی سیاست کو داؤ پر لگانے کے مترادف تھا مگر پاکستان مسلم لیگ ن نے اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر سیاست کی بجائے ریاست کو بچانے کا فیصلہ کیا اور بہترین فیصلے لیتے ہوئے ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا ان کا مزید کہنا تھا کہ عمران خان نے جو بویا وہی کاٹا مکافات عمل ہے اور وہ اس وقت پاکستان سے کی ہوئی زیادتیوں پر جیل میں اپنی سزا بھگت رہے ہیں، تباہ شدہ معیشت، بیروزگاری، مہنگائی کا بے لگام طوفان، لاقانونیت اور مسائلستان سے بھرا ہوا پاکستان پی ڈی ایم کو ملا اس وقت ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنا پاگل پن تھا اور اپنی سیاست کو داؤ پر لگانے کے مترادف تھا مگر پاکستان مسلم لیگ ن نے اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لے کر سیاست کی بجائے ریاست کو بچانے کا فیصلہ کیا۔

جئے سندھ قومی محاذ کی مرکزی کال پر سندھ کی معصوم بچی پریا کماری کے اغوا

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) جئے سندھ قومی محاذ کی مرکزی کال پر سندھ کی معصوم بچی پریا کماری کے اغوا، صحافی جان محمد مہر، صحافی اصغر کھنڈ اور معصوم بچی فاطمہ پھرڑو کے قاتلوں کی گرفتاری کے ل?ے، جسقم ضلع نوشہرو فیروز کے رہنما امین کلہوڑو، جگدیش کمار، نعیم، پیرزادو، قربان چھجرو، علی رضا لغاری، نظام چوہان، راشد بھٹ اور دیگر کی قیادت میں پریس کلب مورو کے سامنے مظاہرہ کیا گیا۔ ان رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں جان محمد مہر، اصغر کھنڈ اور فاطمہ پھرڑو کے قاتلوں کو قانون کے تحت سخت ترین سزا دی جائے اور معصوم بچی پریا کماری کو رہا کروایا جائے بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔

معصوم بچے کو نامعلوم افراد گلا کاٹ کر زخمی کر کے فرار ہو گیا

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) مورو شہر کی لطیف کالونی میں مسجد سے گھر جانے والے معصوم بچے حذیفہ آصف آرائیں کو نامعلوم افراد نے تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر زخمی کر کے فرار ہو گیا، جسے مورو ہاسپٹل لایا گیا، جہاں ڈاکٹروں کی جانب سے طبی امداد دی گئی اور مزید علاج کے لیے نوابشاہ پ?ا?م س? ہاسپٹل منتقل کر دیا گیا، اس موقع پر کمسن بچے کے ورثا کا کہنا تھا کہ ہماری کسی سے دشمنی نہیں ہے، معلوم نہیں کیوں? ملزم راشد علی ڈاہری نے ایسا قدم اٹھایا ہے، ہمارے معصوم بچے کو قتل کر چکا تھا، جبکہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم راشد علی ڈاہری کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے اور پولیس کا کہنا ہے کہ انہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے گ?، اس واقعے کے بعد شاہپور جہان?اں اور مورو کے سیاسی و سماجی رہنماؤں میں کشیدگی پھیل گئی ہے۔ جبکہ اس وقت بچے ک? حالت خطرے سے باہر بتائی جا رہی ہے، اور اس کا علاج نوابشا? ہاسپ?ل م?ں جار??ے۔

مورو، متعدد گاؤں کو ملانے والی سیٹھار روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) مورو کے نزدیک شاہپور جہانیاں کے یونین کونسل دیھ پھل?ل کے متعدد گاؤں کو ملانے والی سیٹھار روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئی، سڑک میں بڑے بڑے گڑھے اور کٹ لگ گئے، جس سے مکینوں کا گزرنا مشکل ہو گیا، یہ شکایات شاہپور جہانیاں پریس کلب کے صحافیوں کی ٹیم ظفر بگھیو، محمد یاسین آرائیں، اسد بگھیو، سیف بگھیو، نعیم احمد چنا سے اہل علاقہ مک?ن سید نیاز شاہ جہانیاں، کامریڈ سلیمان ملاح، کامریڈ واحد بخش، قد?ر کلہوڑو، دلبر سیٹھار اور دیگر نے ک?۔ ان?وں نے بتا?ا کہ شاہپور جہانیاں، دولت پور، گچیر ویرانہ اور دیگر شہروں اور قصبوں کو جانے والی عوامی سڑک جو کہ عمر سیٹھار، سید بگا?، عرض محمد لغار?، م??ل آباد اور د?نگانہ مر? سمیت کچے کے کئی دیہاتوں کو ملاتا ہے، گزشتہ 15 سال سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، سڑک م?ں پڑے ہوئے گڑھوں نے مقامی لوگوں کا سفر کرنا مشکل بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پیپلز پارٹی کے ووٹر ہیں اور ان?ہ?ں ووٹ دے کر کامیاب کیا ہے، لیکن پھر بھی ہمارے منتخب ایم این اے سید غلام مصطفیٰ شاہ، ایم پی اے خان محمد ڈاہری اور کونسلرز نے ہم?ں بھلا دیا ہے۔ علاقہ مکینوں نے مطالبہ ک?ا ہے کہ ان کو سڑک بنا کر دی جائے۔

گاؤں بجل ماچھی کے سرکاری پرائمری اسکول میں اساتذہ کی غیر حاضری ہے

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) تحصیل مورو کے کچے کے گاؤں بجل ماچھی میں سرکاری پرائمری اسکول ہونے کے باوجود گاؤں کے لوگ اور طلباء (جس کا سمز کوڈ بھی 416030543 ہے) لیکن گاؤں بجل ماچھی کے اس سرکاری پرائمری اسکول میں اساتذہ کی غیر حاضری ہے۔ جس کی وجہ سے گا?ں بجل ماچھی گورنمنٹ پرائمری سکول کے معصوم طلباء و طالبات کو گاؤں بجل ماچھی سے 5 کلومیٹر دور پیدل چل کر دل گاؤں جانا پڑتا ہے جس کی وجہ سے اکثر طلبہ و طالبات اس سخت گرمی کی شدت میں بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ گاؤں بجل ماچھی کے دیہاتیوں قاضی سرور سولنگی، آدم سولنگی، سکول کے طلباء ۓ و طالبات نے احتجاج کرتے ہوئے محکمہ تعلیم سے مطالبہ کیا ہے کہ گاؤں بجل ماچھی کے سرکاری پرائمری سکول کو عمارت فراہم کی جائے اور سکول کے لیے اساتذہ کی تعیناتی کی جائے۔ روزانہ کی بنیاد پر کی جا?ے تاکہ سینکڑوں معصوم طلباء ۓ وطالبات کی تعلیمی زندگی بچائی جا سکے اور ان کا مستقبل روشن ہو سکے۔

مورو کے مکین ان کی انتھک محنت اور کاوشوں سے خوش اور مطمئن ہیں، مسرت

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) میونسپل کمیٹی مورو وارڈ نمبر 21 کے رہائشیوں نے پاکستان پیپلز پارٹی شہید بینظیر آباد ڈویژن کے صدر محترم ضیاء ۓ الحسن لنجار صاحب، پاکستان پیپلز پارٹی سٹی مورو کے صدر اور میونسپل کمیٹی مورو کے چیئرمین محترم نذیر احمد میمن صاحب اور میونسپل کامیٹی وارڈ نمبر 21 مورو کے جنرل کونسلر جناب ایڈوکیٹ اللہ بخش کلہوڑو نے وارڈ نمبر 21 مورو کی گلیوں اور محلوں میں پیورز کا کام کئے جانے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان حضرات نے ذاتی دلچسپی لے کر میونسپل کامیٹی مورو وارڈ نمبر 21 کے حضوری پیر محلا، کلہوڑہ کالونی و مورو میونسپل کمیٹی نمبر 21 کے دیگر علا?قوں میں پیورز کا کام کروایا ہے جس کے لیے وارڈ نمبر 21 مورو کے مکین ان کی انتھک محنت اور کاوشوں سے خوش اور مطمئن ہیں اور انہیں خراج تحسین پیش کیا ہے۔

تیارزہ کے علاقہ سپین جماعت کے قریب بم ڈسپوزل سکواڈ گاڑی پر شدت پسندوں کا حملہ

وانا (عرفان اللہ) ضلع لوئر وزیرستان تحصیل تیارزہ کے علاقہ سپین جماعت کے قریب بم ڈسپوزل سکواڈ گاڑی پر شدت پسندوں کا حملہ، 10 اہلکار شہید جبکہ 5 اہلکار شدید زخمی ہو گئے ہیں زخمیوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے وانا سکاؤٹس ہسپتال منتقل کر دیئے گئے۔ حکام کے مطابق حملے کے بعد سکیورٹی فورسز نے علاقہ کو گھیرے میں لیکر سرچ اپریشن شروع کر کے علاقے میں مشتبہ ٹھکانوں پر شیلنگ شروع کی گئی ہے شہید اہلکاروں کے نام کچھ یوں ہیں نائب صوبدار عبدالقادر، سپاہی محسن، لانس نائیک وحید، جناد علی، سجاول، سپاہی وسیم عباس، شاہنواز اور حسین وقار شامل ہیں۔ دوسری جانب تحریک کے طالبان پاکستان نے واقع کی ذمہ داری قبول کی

معروف سیاستدان سینئر میر طاہر بزنجو کی صدر سٹی پریس کلب و پریس سیکرٹری ٹو سینئر سے ملاقات

ساہیوال (محمد زبیر چوہدری) معروف سیاستدان سینئر میر طاہر بزنجو (حاجی حافظ وقار یعقوب، صدر سٹی پریس کلب ساہیوال و پریس سیکرٹری ٹو سینئر) کو پارلیمنٹ لاجز میں ملاقات کے بعد پارٹی کی روائتی کیپ گفٹ کرتے ہوئے

کمپنی کے ڈسٹری بیوٹر اور ڈیلروں کے اعزاز میں ایک پروگرام کا انعقاد

نوابشاہ (رپورٹ۔ انور عادل خانزادہ) پاکستان میں پائپ بنانے والی والی مشہور کمپنی آئی آئی ایل کی جانب سے نوابشاہ کے مقامی ریسٹورنٹ میں کمپنی کے ڈسٹری بیوٹر اور ڈیلروں کے اعزاز میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا، جس میں کمپنی کے آر ایس ایم زاہد عباس، حیدرآباد کے ڈسٹری بیوٹر محمد یاسر، ایم ٹی عمران خالد، نوابشاہ کے ڈیلر فیضان قریشی اور دوڑ کے ڈیلر کامران مغل، محمد عامر مغل کے علاوہ ڈیلروں اور پلمبروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے زاہد عباس، فیضان قریشی اور کامران مغل نے کہا کہ آئی آئی ایل پاکستان کی پائپ بنانے والی نمبرون کمپنی ہے، جسکی معیاری مصنوعات کے سبب اسکی مقبولیت میں اضافہ ہو رہا ہے، اور کنزیومر اور ڈسٹری بیوٹر اس کمپنی پر اعتماد کرتے ہیں، آخر میں کمپنی کی جانب سے پلمبروں میں تحائف تقسیم کئے گئے

موبائل مارکیٹ میں ڈکیتی کی واردات کے بعد موبائل مارکیٹ احتجاجن بند

نواب شاہ (انور عادل خانزادہ) نواب شاہ: نواب شاہ شہر ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر موبائل مارکیٹ میں ڈکیتی کی بڑی واردات کے بعد موبائل مارکیٹ احتجاجن بند۔ مظاہرین کا دھرنا انتظامیہ نے ابھی تک کوئی کاروائی نہیں کی۔ لاکھوں روپے مالیت کے ڈکیتی اور آئے روز بدامنی کی وارداتوں سے تاجر سخت پریشان اور عدم تحفظ کا شکار ہیں ملزمان کی گرفتاری تک احتجاج جاری رہے گا۔ تاجر تنظیمیں اسلحے کے زور پر نامعلوم افراد کا موبائل مارکیٹ دھاوا: ڈکیت موبائل مارکیٹ سے لاکھوں روپے کے موبائل لے اڑے۔ ڈکیتوں نے پہلے ہوائی فائرنگ سے مارکیٹ میں خوف حراس پھیلایا۔ ڈکیت لاکھوں مالیت کے موبائل کے ساتھ لاکھوں کی نقدی بھی لے گئے۔ مزاحمت کرنے پر ڈکیتوں کی فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

رئیس قادری خان لونڈ نے مجھ پر اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد الزامات لگائے ہیں، کامل خان

مورو (بیورو چیف سندھی الطاف سومرو) مورو کی سیاسی و سماجی شخصیت رئیس کامل خان زرداری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے صحافیوں کو بتایا کہ کل سے رئیس قادری خان لونڈ نے سوشل میڈیا پر مجھ پر اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد اور من گھڑت الزامات لگائے ہیں جس کی میں مورو کے عوام کے سامنے مذمت کرتا ہوں۔ سچ پوچھیں تو اصل کہانی کیا ہے، انہوں نے کہا کہ رئیس قادری خان لونڈ کے بیٹے وقار لنڈ نے ہمارے ساتھ کاروبار کیا، لونڈ کے چیک بھی ہمارے پاس ہیں، ہم کافی عرصے سے پیسے مانگ رہے تھے، لیکن ہم صرف پناہ دی گئی جس کے بعد میں نے لونڈ برادری کے اچھے لوگوں سے شکایت کی لیکن قادری خان لونڈ نے مجھ پر ازالہ کرنے کے بجائے سوشل میڈیا پر مجھ پر الزامات لگائے جس سے میری ساکھ متاثر ہوئی اور اب کافی عرصے کے بعد قادری خان لونڈ جھوٹا ہے۔ اپنے بیٹے وقار لونڈ سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے جب بیٹا اس کے پاس رہتا ہے جس کے گواہ اس کے گاؤں کے لوگ ہیں، اس نے کہا کہ جب میں نے یا میرے بچوں نے کسی غریب، غیر پہنچی شہری سے بہت زیادہ شادی نہیں کی تو قادری خان ہمارے ساتھ ایسا کیوں کر رہے ہیں، جو بھی مجھے قبول کرنے کا فیصلہ کرے میں اس سے اپیل کرتا ہوں، اگر میں نے کوئی غلط کام کیا ہے یا کسی قوم کی نافرمانی کی ہے تو میں تمام رقم دینے کو تیار ہوں۔ انہوں نے آ?ی جی سندھ پیس، ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد، ایس ایس پی نوشہرو فیروز، ڈی ایس پی مورو اور ایس ایچ او مورو سے مطالبہ کیا ہے کہ قادری خان لونڈ کی جانب سے میرے بیٹوں سمیت مجھ پر لگائے گئے الزامات کی تحقیقات کریں اور میرے پیسے دے کر میرے ساتھ انصاف کریں۔

زیتون کی حالیہ پیوندکاری وانا کے عمومی زراعت کی بہتری کا باعث بنے گا، رحمت اللہ

وانا (عرفان اللہ) ضلع لوئر جنوبی وزیرستان ڈسٹرکٹ پریس کلب وانا میں واوا کے صدر رحمت اللہ وزیر نے کابینہ کے دیگر افراد کے ہمراہ پریس کانفرنس اور بعد میں پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ زیتون کی حالیہ پیوند کاری سے جہاں جنگلات کے تحفظ کیلئے انقلابی اقدام ممکن ہوا وہاں پہ وانا کے عمومی زراعت کی بہتری اور معاشی خوشحالی کا باعث بنے گا زیتون کی پیوند کاری صوبائی حکومت کے محکمہ زراعت کے ایک خصوصی پراجیکٹ کے تحت ضلع مہمند اور ضلع خیبر میں شروع کیا گیا ہے وانا ویلفیئر ایسوسیئشن کی خصوصی درخواست پر صوبائی سیکرٹری زراعت جاوید خان نے جنوبی وزیرستان کو بھی اس پراجیکٹ کے دائرہ اختیار میں شامل کیا گیا انھوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کو اس سال کے مون سون مہم کے دوران لوئر وزیرستان میں دس 10 ہزار زیتون کو پیوند کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس دوران واوا نے کمیونٹی کو اس ارفع مقصد کے لئے آگاہی مہم کا آغاز کر دیا جس کے نتیجے راغزائی کے علاقے میں بدلون ویلفیئر تنظیم کے مولانا صابر اللہ اور مولانا محمود نے اس مہم کو چار چاند لگا دیا مزید یہ کہ علاقہ شاہ عالم میں مولانا محمود نے اپنے مدرسے کے طلباء ۓ اور علاقائی نوجوانوں کو متحرک کیا وادی شکئی میں واوا کے میرولی اور کامران کے علاوہ محمود اسلامیہ پبلک ہائی سکول شکئی کے طلباء ۓ نے عملی طور پر اس مہم میں بھرپور حصہ لیا جبکہ ہر اتوار کے دن امہ چلڈرن اکیڈمی کے طلباء ۓ نے ہر اتوار والے دن مہم کا حصہ بنے محکمہ زراعت نے بھی اس مہم میں 29 جولائی سے 6 اگست حصہ لیا جبکہ یہ مہم 20 اگست تک واوا نے جاری رکھا اور مہم کے جملہ اخراجات واوا فنڈ سے پورے کئیانھوں بتایا کہ علاقہ جونی میلہ میں کمیونٹی نے اپنی مدد آپ کے تحت دو ہزار 2000 سے زائد درختوں میں پیوند کاری کی۔۔ اس دوران ضلع لوئر وزیرستان میں کل پینتیس ہزار سات سو اٹھانوے 35798 درختوں میں پیوند کاری کی گئی محکمہ زراعت اور جنگلات کے محکمے کیمطابق علاقے میں تقریبا پانچ لاکھ 500000 زیتون کے جنگلی درخت موجود ہیں اور پیوند کاری سے اربوں روپے میں آمدنی متوقع ہیں علاوہ ازیں جنگلات کا تحفظ بھی شاید ممکن ہوسکے وانا کے میدانی علاقے کی زراعت کا انحصار شمال میں واقع جنگلات پر ہے اسی طرح ان جنگلوں کے تحفظ کیلئے جنگلی زیتون کی پیوند کاری واحد راستہ ہو۔ انھوں نے بحثیت صدر واوا عوام سے اپیل کیا کہ موسم بہار اور مون سون کے دوران باقی ماندہ درختوں کی پیوند کاری کے لئے اپنے آپ کو منظم کریں اور اگلے سال ان مہمات میں بھرپور حصہ لیں بطور صدر واوا رحمت اللہ وزیر نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں لوئر وزیرستان کو ترجیح دیں اور ضلعی محکموں کے سربراہان سے بھی اپیل کیا کہ علاقے کی پسماندگی دور کرنے میں عملی کردار ادا کریں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ترقیاتی کام پشاور کے گردونواح میں کرنے کی بجائے ہر علاقے کو اس کا حق دلایا جائے۔

سب سے بڑے صنعتی ادارے پاکستان اسٹیل کی تباہی کا سلسلہ تیزی سے جاری

PAKISTAN STEEL

ستان اسٹیل مل میں سیکیورٹی، انتظامیہ، پولیس اور چوروں میں ملی بھگت سے لوٹ مار کا سلسلہ جا

کراچی (رپورٹر) پاکستان کے سب سے بڑے صنعتی ادارے پاکستان اسٹیل کی تباہی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے، بن قاسم تھانہ کی حدود میں سینکڑوں گروہ اسٹیل مل سے لوہا، تانبہ، کیبلز چوری کرنے میں مصروف عمل ہیں، مذکورہ گروہ کے خلاف کسی قسم کی کاروائی نہیں کی جاتی، اس سلسلے میں اہم ذرائع نے بتایا کہ بدنام زمانہ اسٹیل مل سے لوہا چوری کرنے والے گینگ کے سرغنہ علی خان پٹھان نے خود کو منظر عام سے ہٹانے کے لئے اپنی سرپرستی میں نئے چہرے میدان میں اتار لیے گینگ کا نیا سربراہ بن قاسم کے علاقے شاہ ٹاؤن میں ڈیکوریشن کا کاروبار کرنے والے عنصر نامی شخص کو بنا ڈالا اور خود سرپرست اعلی بن گیا جبکہ ایک سو کے قریب گینگ رات ہو یا دن اسٹیل مل سیکیورٹی اور پولیس اہلکاروں کی مدد سے تانبہ، کیبل، لوہا، سلور، قیمتی مشینری نکالنے کے لئے سوزوکی پک گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، جی ایل آئی کرولا کار کا استعمال کیا جاتا ہے، ذرائع نے مزید بتایا کہ روزانہ کی بنیاد پر لاکھوں روپے کا مال نکالنے میں مقبول، خرم، زمان اوڈھ، مجنوں چانڈیو، اختیار چانڈیو، رحیمداد، عابد، اسد ملک سمیت دیگر 100 سے زائد چوروں پر مشتمل گینگ اسٹیل مل سے چوری کرتے ہیں جبکہ چوری شدہ مال مختلف گوداموں تک ڈمپ کر کے شیر شاہ اور دیگر علاقوں میں فروخت کیا جاتا ہے، پولیس اور اسٹیل مل سیکیورٹی کے پاس کاروائی نہ کرنے کے عیوض معاملات طے کر کے لاکھوں روپے بھتہ پہنچایا جاتا ہے، چور گینگ کے سرپرست اعلی علی خان پٹھان اور عنصر ڈیل کے ماہر ہیں جن کے خلاف کوئی کاروائی نہیں ہوتی، ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ کچھ روز قبل بن قاسم تھانے کی انویسٹیگیشن پولیس نے شاہ ٹاؤن میں چھاپہ مار کاروائی کر کے اسٹیل مل کے چوروں کا سرغنہ عنصر کو گرفتار کر دیا تھا جس کے بعد لاکھوں کی ڈیل کے عیوض آزاد کر دیا گیا تھا جبکہ ذرائع نے بتایا کہ گذشتہ رات بھی بن قاسم تھانے کی انویسٹیگیشن پولیس نے لوہا چور گینگ کے سرغنہ علی خان پٹھان کو گرفتار کر لیا تھا جس کو بھی لاکھوں روپے رشوت کے عیوض آزاد کر دیا گیا ہے، بن قاسم تھانے کی انویسٹیگیشن پولیس نے جیب بھرنے کا نیا طریقہ شروع کر دیا ہے، پاکستان اسٹیل سے چوری کا سلسلہ روکنے کے لئے وزیراعظم پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف، ایف آئی اے، آئی ایس آئی، آئی جی سندھ، ڈی جی رینجرز سندھ، کراچی پولیس چیف، ایس ایس پی ملیر اور دیگر حکام سے عوام کا مطالبہ ہے کہ مذکورہ اسٹیل مل سے لاکھوں روپے کی چوری کا سلسلہ روک کر ملوث گروہ کے خلاف سخت کاروائی کی جائے اور ملک کے صنعتی ادارے کو بچایا جائے۔

ایس ایس پی مہزور علی ایکسڈنٹ میں زخمی ہونیوالے پولیس اہلکاروں کی عیادت کیلئے ہسپتال پہنچ گئے

نوابشاہ (انور عادل خانزادہ) ایس ایس پی شہید بینظیر آباد مہزور علی ضلع نوشہرو فیروز میں ایکسڈنٹ میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کی عیادت کیلئے ہسپتال پہنچ گئے۔ ہاسپٹل میں ٹراما سینٹر اور آئی سی یو میں ایڈمٹ دونوں پولیس اہلکاروں کی عیادت کی اور انکے علاج کے لئے ڈاکٹر صاحبان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قسم کی علاج میں کمی نا آنی چاہئے۔ ایس ایس پی شہید بینظیر آباد مہزور علی نے زخمی پولیس اہلکاروں کے گھر والوں سے بھی ملاقات کی اور یقین دھانی دلاتے ہوئے کہا کہ زخمی پولیس اہلکاروں کو علاج میں کسی قسم کی کمی نہیں آئے گی اور بھتر سے بہتر علاج کے لئے ہسپتال کے ماہر ڈاکٹروں کو پابند کیا گیا ہے۔

ڈسٹرک بار ایسوسیئشن کے وکلا پیپلز سکول نوشہرو فیروز کے پرنسپال خلاف سراپا احتجاج.

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ منظور ملک) ڈسٹرک بار ایسوسیئشن کے وکلا پیپلز سکول نوشہرو فیروز کے پرنسپال خلاف سراپا احتجاج۔ نوشہرو فیروز ڈسٹرک بار کے وکلا کا پیپلز اسکول نوشہرو فیروز کے پرنسپال سرفراز کنڈ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کے پرنسپال نے سکول کو اپنی ذاتی جاگیر بنا رکھا ہے سکول میں اکیڈمک کوآرڈینیٹر بھرتی کیا ہے جو کے پہلے ہی سرکاری خاتے اریگیشن اسکارپ میں جونیئر کلارک ہے استازہ کی ٹیسٹ لینے کے باوجود اپنے منپسند اور پیسے لیکر ٹیچرز کی برتھیان کی اور بچوں کے ایڈمیشن میں رکارڈ کرپشن کی ہے یے اسکول سند ایجوکیشن فاؤنڈیشن گورمنٹ آف سند کے تسلسل سے غریب مسکین جو اپنے بچوں کو پرائیویٹ اور معیاری تعلیم نہیں دلا سکتے ایسے خاندانوں اور بچوں کے لیئے گورنمنٹ آف سند نے مفت تعلیم دینے کے لیئے پیپلز سکولز پورے سند میں کھلوائے جہاں غریب کے بچوں کو اعلا اور معیاری تعلیم مل سکے پیپلز سکول نوشہرو فیروز بیکن ہاؤس سکول سسٹم کو دیا گیا پر سکول کا پرنسپال نا اھل اور غیر تجربہ رکھنے کے ساتھ سکول میں جعلی استادوں کو پیسوں کی بنیاد پے گریجوئیٹ اور انڈر گریجوئیٹ استاد رکھنے کے ساتھ امیروں کے بچوں کو سفارش پے رکھا ہے سکول کو اپنی جاگیر سمجھ کر غریب عورتین بچے سکول کے چکر کاٹ کاٹ کے واپس کیا جاتا ہے یہ کھہ کر کے پرنسپال میٹنگ میں ہے ابھی ملنا نہیں چاہتا پر صدیق کرنے سے پتا چلا کے پرنسپال کرکیٹ کھیل رہا ہے ڈسٹرکٹ بار نوشہرو فیروز کی جانب سے کورٹ میں پرنسپال کے خلاف پٹیشن بھی داخل کرائی ہوئی ہے اور مطالبہ کرتے ہیں کے سند ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ایم ڈی قاضی کبیر اور بیکن ہاؤس سکول کی ہیڈ رفت زریں اس معاملے کا نوٹیس لیں اس نا اھل غیر تجربے کار سکول پرنسپال سرفراز کنڈ کو ہٹا کر تجربیکار پرنسپال رکھ کے سکول اور بچوں کا مستقبل بچایا جائے۔

عمران خان کا سپاہی ہوں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہونگا، ملک محمد اقبال

فیروزوالہ (تحصیل رپورٹر) عمران خان کا سپاہی ہوں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہونگا، پی ٹی آئی حکومت میں تمام ضروریات زندگی کی چیزیں سستی تھی پی ڈی ایم ٹولے نے عوام کا جینا محال کر دیا، سینئر رہنما و امیدوار پی پی 137 ملک محمد اقبال۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کے امیدوار 137-PP ملک محمد اقبال نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جتنے مرضی پرچے درج کرو حقیقی کارکن ڈٹ کر کھڑے ہیں پرچے ہونگے تو چرچے ہونگے ہم نواز شریف کی فیملی کی طرح ملک سے چوروں کی طرح بھاگنے والے نہیں ہیں عمران خان 16 روپے یونٹ بجلی چھوڑ کر گیا انہوں نے آتے ہی عوام پر مہنگائی کے پہاڑ گرا دیئے غریب کا جینا محال کر دیا بجلی کا یونٹ 60 روپے اور پیٹرول 292 روپے لیٹر تک پہنچا دیا یہ ظلم نہیں ہے تو اور کیا ہے غریب عوام کے پاس آٹے کیلئے پیسے نہیں بجلی کا بل کہاں سے جمع کروائیں۔ ان کا پیٹرول مفت بجلی مفت عوام کے جیبوں پر ڈاکہ ڈالتے ہیں عوام نے ان کو مسترد کر دیا میں عمران خان کا سپاہی ہوں ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہونگا۔

مقامی ہفت روزہ کی 23 ویں سالگرہ پر پریس کلب فیروزوالہ کے صحافیوں کی جانب سے مبارکباد



فیروزوالہ (تحصیل رپورٹر) مقامی ہفت روزہ کی 23 ویں سالگرہ پر پریس کلب فیروزوالہ کے صحافیوں کی جانب سے مبارکباد۔ صدر پریس کلب آصف حسین بھٹی، سابقہ تحصیل ناظم رانا انوار الحق، سینئر صحافی استاد خلیل اور میاں شیراز کی خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق فیروزوالہ کے مقامی ہفت روزہ کی 23 ویں سالگرہ اور پاکستان کی 76 ویں یوم آزادی کی تقریب مقامی شادی ہال میں منعقد کی گئی جسمیں علاقہ بھر سے صحافتی، سیاسی اور سماجی شخصیات کی بڑی تعداد میں شرکت، تقریب کی میزبانی چیف ایڈیٹر باو بشیر احمد چوہدری نے کی سٹیج سیکرٹری کے فرائض جنرل سیکرٹری پریس کلب فیروزوالہ رجسٹرڈ پروفیسر حافظ مدثر سلیم گجر نے سرانجام دیئے، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول? سے کیا گیا، تقریب میں صدر پریس کلب فیروزوالہ آصف حسین بھٹی، سابق تحصیل ناظم فیروزوالہ، رانا انوار الحق، سماجی، سیاسی شخصیت شیراز وزیر علی، احمد شجاع سیال، عمران سیال، چیئرمین گورننگ باڈی پریس کلب فیروزوالہ فدا محمد فدا، نائب صدر رانا قمر الزمان، انجمن صحافیاں کالا شاہ کاکو کے فاروق اسلام کمبوہ، سابق نائب ناظم میاں محمد اسحاق کے علاوہ علاقہ کی سیاسی سماجی شخصیات نے شرکت کی، پاکستان کی 76 ویں سالگرہ کی مناسبت سے 76 پونڈ وزنی کیک کاٹا گیا تقریب کے اختتام پر مہمانوں کی ضیافت کا بھی اہتمام کیا گیا۔ پریس کلب فیروزوالہ (رجسٹرڈ) کے صحافیوں نے مقامی ہفت روزہ کے 23 سال مکمل ہونے پر چیف ایڈیٹر باو بشیر احمد چوہدری کو مبارکباد دی۔۔

ڈپٹی کمشنر شہریار گل میمن نے گورنمنٹ پرائمری اسکول کے تعلیمی مرکز کا افتتاح کیا



نوابشاہ (انور عادل خانزادہ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد شہریار گل میمن نے آج سکرنڈ کے قریب گاؤں بخشو مگسی کے گورنمنٹ پرائمری اسکول شیر محمد مگسی کے عارضی تعلیمی مرکز (ٹی ایل سی) کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گذشتہ سیلاب و بارشوں کے باعث ضلع میں کافی نقصان ہوا تھا جہاں پر اسکولی بلڈنگس بھی متاثر ہوئی تھیں انہوں نے مزید کہا کہ بارشوں و سیلاب کے باعث ضلع کے جن اسکولوں کی بلڈنگس متاثر ہوئی تھیں ان کی تعمیر کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ بارشوں و سیلاب کے باعث متاثر ہونے والے اسکولوں کو عارضی طور پر عارضی تعلیمی مرکز (ٹی ایل سی) میں تبدیل کیا گیا ہے تا کہ بچوں کی تعلیم کو متاثر ہونے سے بچایا جا سکے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ یونیسف اور تھردیپ رورل ڈیولپمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے بارشوں و سیلاب میں متاثر ہونے والی اسکولوں کے لئے عارضی تعلیمی مرکز (ٹی ایل سی) فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ بچوں کے لئے کتابیں اور اسکول بیگس دیے ہیں اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پرائمری مسعود احمد سہتو، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آر ایس یو معروف بھٹی، سید قربان علی شاہ و دیگر موجود تھے بعد ازاں ڈپٹی کمشنر شہریار گل میمن نے جماعت اسلامی کی تنظیم ایف جی آر ایف کے تعاون سے پاکستان بیت المال کے سوئیٹ ہوم نواب شاہ میں پودہ لگا کر شجر کاری مہم کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماحول کو آلودگی سے بچانے اور درجہ حرارت کو کم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں تا کہ ضلع کو سرسبز بنا کر درجہ حرارت کو کم کیا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ دعوت اسلامی کی جانب سے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے شجر کاری مہم بہتر عمل ہے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ہم سب کی ذمے داری ہے کہ پودے لگائیں اور ان کی حفاظت کریں بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے سوئیٹ ہوم کے بچوں میں گفٹ تقسیم کئے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر پاکستان بیت المال شہید بینظیر آباد شہزاد جسکانی اور دیگر موجود تھے۔

بقیہ......1

چاول فی کلو 12 روپے، چینی 6 دال ماش 13، دال مونگ 6 اور دال مسور 3 روپے فی کلو مہنگی ہوئی ساتھ ہی قصابوں نے بڑے گوشت کے بھاؤ میں 3 روپے اور چھوٹے گوشت کے دام میں 7 روپے فی کلو اضافہ کردیا زندہ مرغی کی قیمت بھی فی کلو 12 روپے مہنگی ہوئی ساتھ ہی انڈوں کے دام بھی فی درجن 4 سے 5 روپے بڑھے ادارہ شماریات کے مطابق گذشتہ ہفتے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 6 روپے، ٹماٹر کے نرخ میں 19 روپے اور برانڈ ڈگھی کے 5 کلو کے ڈبے میں 49 روپے کی کمی ہوئی۔

بقیہ......2

گزشتہ مالی سال میں 14 ہزار 583 ارب روپے کے جاری اخراجات کیے گئے، سود کی ادائیگیوں پر 5831 ارب روپے خرچ کیے گئے اور دفاع پر 1585 ارب روپے خرچ کیے گئے ۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال میں پیٹرولیم لیوی کی مد میں عوام سے 579 ارب روپے وصول کیے گئے اور گزشتہ مالی سال میں صوبوں کو 4223 ارب روپے منتقل کیے گئے۔

بقیہ......3

تھا۔ اداکارہ کہکشان عرف پائل چوہدری اور شمع رانا نے لاہور کی سیشن کورٹ میں عبوری ضمانت کے لئے درخواست دائر کردی۔ عدالت نے پائل چوہدری اور شمع رانا کی عبوری ضمانت 2 ستمبر تک منظور کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پولیس سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ دونوں اداکاراؤں کے خلاف تھانہ سول لائن میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ......4

واقعہ میں بچی کی دادی اور تایا کے ملوث ہونے کا شبہ ہے جنہیں گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق دوران تفتیش ملزمان نے گھریلو جھگڑے پر بچی کو قتل کرنے کا اعتراف کرلیا۔

بقیہ......5

انیس سو سنتالیس کی پہلی قانون ساز اسمبلی میں اپنے خطاب میں اقلیتوں کے برابر حقوق کی بات کی تھی، قائد کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے مرکزی حکومت نے سنہ دو ہزار نو سے اس دن کو قومی سطح پر منانے کا فیصلہ کیا۔ سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ اقلیتیں پاکستان میں مکمل محفوظ ہیں اور اکا دکا انفرادی واقعات کو تمام کمیونٹی سے نہیں جوڑنا چاہیے۔ سینئر قانون دان ایم رضا ایڈوکیٹ نے اپنے خطاب میں قانونی معاملات پر روشنی ڈالی اور اقلیتوں کے حقوق کے متعلق اپنے لا چیمبر کی خدمات کے بارے میں بتایا۔ انیس سو سنتالیس کی پہلی قانون ساز اسمبلی میں اپنے خطاب میں اقلیتوں کے برابر حقوق کی بات کی تھی، قائد کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے مرکزی حکومت نے سنہ دو ہزار نو سے اس دن کو قومی سطح پر منانے کا فیصلہ کیا۔ سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ اقلیتیں پاکستان میں مکمل محفوظ ہیں اور اکا دکا انفرادی واقعات کو تمام کمیونٹی سے نہیں جوڑنا چاہیے۔ سینئر قانون دان ایم رضا ایڈوکیٹ نے اپنے خطاب میں قانونی معاملات پر روشنی ڈالی اور اقلیتوں کے حقوق کے متعلق اپنے لا چیمبر کی خدمات کے بارے میں بتایا۔ پاسٹر ایریک گل نے بتایا کہ یوحنا آباد میں رہتے ہوئے کبھی ایسا محسوس نہیں ہوا کہ وہ مسلم اکثریتی ملک میں رہتے ہیں اور اپنے مذہب کی وجہ سے انہیں کبھی تعصب کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ پاسٹر پرویز سندھو نے کواٹم لیپ اور مرکزی پریس کلب کو شاندار پروگرام منعقد کروانے پر خراج تحسین پیش کیا اور مستقبل میں ایسے پروگرامز کے لیے اپنی کمیونٹی کی طرف سے شامل ہونے کا یقین دلایا۔ پاسٹر رفاقت مسیح سہوترا نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ جن وجوہات سے دشمن ہمارے بیچ دوریاں پیدا کرتے ہیں ان سے بچا جائے، اس ملک کے قیام کے لئے مسیحیوں نے بھی مسلمانوں کے شانہ بشانہ قربانیاں دی ہیں اور جدوجہد کی ہے۔ سردار جسونت سنگھ نے کہا کہ ہمیں تقسیم کے بعد ہندوستان جانے کا دکھ نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں قیام کرنے کا ہمارے بڑوں کا فیصلہ بالکل ٹھیک تھا اور کبھی اپنے حلیے یا مذہب کی وجہ سے تعصب کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ صابر نازجن کا ہندو مذہب سے تعلق ہے کہتے ہیں ہم اپنے تہوار منانے میں آزاد ہیں اور کبھی مذہبی منافرت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ نوجوان صحافی اور سیاست دان سجاد شاکر نے اس تقریب سے خطاب میں اپنے علاقے میں مذہبی اتحاد کے بارے میں اپنے کردار کے بارے میں بتایا۔ سجاد شاکر کی کوششوں سے اس علاقے میں سکل فارنان مسلم پروگرام شروع ہورہا ہے جس کے لئے حاضرین نے ان کے کام کو سراہا۔ تقریب کے آخر میں پاکستان کا قومی ترانہ پڑھا گیا اور گروپ فوٹو بنوائی۔ پاسٹر ایریک گل نے بتایا کہ یوحنا آباد میں رہتے ہوئے کبھی ایسا محسوس نہیں ہوا کہ وہ مسلم اکثریتی ملک میں رہتے ہیں اور اپنے مذہب کی وجہ سے انہیں کبھی تعصب کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ پاسٹر پرویز سندھو نے کواٹم لیپ اور مرکزی پریس کلب کو شاندار پروگرام منعقد کروانے پر خراج تحسین پیش کیا اور مستقبل میں ایسے پروگرامز کے لیے اپنی کمیونٹی کی طرف سے شامل ہونے کا یقین دلایا۔ پاسٹر رفاقت مسیح سہوترا نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ جن وجوہات سے دشمن ہمارے بیچ دوریاں پیدا کرتے ہیں ان سے بچا جائے، اس ملک کے قیام کے لئے مسیحیوں نے بھی مسلمانوں کے شانہ بشانہ قربانیاں دی ہیں اور جدوجہد کی ہے۔ سردار جسونت سنگھ نے کہا کہ ہمیں تقسیم کے بعد ہندوستان جانے کا دکھ نہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں قیام کرنے کا ہمارے بڑوں کا فیصلہ بالکل ٹھیک تھا اور کبھی اپنے حلیے یا مذہب کی وجہ سے تعصب کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ صابر نازجن کا ہندو مذہب سے تعلق ہے کہتے ہیں ہم اپنے تہوار منانے میں آزاد ہیں اور کبھی مذہبی منافرت کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ نوجوان صحافی اور سیاست دان سجاد شاکر نے اس تقریب سے خطاب میں اپنے علاقے میں مذہبی اتحاد کے بارے میں اپنے کردار کے بارے میں بتایا۔ سجاد شاکر کی کوششوں سے اس علاقے میں سکل فارنان مسلم پروگرام شروع ہورہا ہے جس کے لئے حاضرین نے ان کے کام کو سراہا۔ تقریب کے آخر میں پاکستان کا قومی ترانہ پڑھا گیا اور گروپ فوٹو بنوائی۔

بقیہ......6

تعداد اور ریٹس کی شرح انتہائی زیادہ ہے، اگر حکومت معاشی سرگرمیوں کا فروغ چاہتی ہے تو پالیسی ریٹ کو 5 فیصد کی سطح پر لایا جائے۔ عامر قدیر نے کہا کہ پاکستان میں ٹیکس قوانین کا ایک بڑا حصہ زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتا، ہر دور میں ٹیکسیشن کے نظام پر بے پناہ تجربات کئے گئے ہیں لیکن اس سے حاصل کچھ نہیں ہو سکا۔ ایف بی آر کا جو بھی چیئرمین آتا ہے اس کی پالیسیاں پہلے والے چیئرمین سے قطعی مختلف ہوتی ہیں۔ معیشت اور ٹیکسیشن کے نظام کے لئے وسیع تر مشاورت اور اتفاق رائے سے طویل المدت قومی پالیسی تشکیل دی جائے تا کہ ہمیں درست سمت مل سکے۔

بقیہ......7

چینی ہولڈ کرنے اور ستمبر، اکتوبر کے ریٹ بھی جاری کرنے کے میسجز دیکھے جاسکتے ہیں۔ ٹریڈرز کے مطابق ہول سیل میں چینی تاریخ میں پہلی بار 150 روپے کلو سے زائد میں فروخت ہورہی ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ چینی مافیا کی پانچوں انگلیاں گھی میں اور سر کڑاہی میں ہے مگر حکومت عملی اقدامات اٹھانے کے بجائے عوام کو خاموشی سے لٹتا دیکھ رہی ہے۔

بقیہ......8

تو ہفتہ ہفتہ مجھے گھر میں بند رکھتے۔ ذرائع کے مطابق کمسن گھریلو ملازمہ نے مزید بتایا کہ مجھے ماں باپ سے ملنے کی اجازت نہیں ملتی تھی، ٹیلی فون پر بات کراتے مگر جج کی اہلیہ ساتھ ہوتی تھی، جج کی اہلیہ تشدد کا گھر والوں کو نہ بتاتے کا کہتیں اور دھمکاتیں تھیں، میرے زخموں کی مرہم پٹی بھی نہیں کراتے تھے۔

بقیہ......9

پر حلقہ بندیاں کرنیکا فیصلہ کیا اور حلقہ بندیوں کے لیے 4 ماہ کا وقت مختص کردیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق حلقہ بندیوں کی حتمی اشاعت 14 دسمبر کو کی جائیگی، ملک بھر میں 8 ستمبر سے 7 اکتوبر تک حلقہ بندیاں کی جائیں گی، اکتوبر سے 8 نومبر تک حلقہ بندیوں سے متعلق تجاویز دی جائیں گی، 5 ستمبر سے 7 ستمبر تک قومی وصوبائی اسمبلیوں کا حلقہ بندیوں کا کوٹہ مختص کیا جائیگا، حلقہ بندیوں سے متعلق انتظامی امور 31 اگست تک مکمل کیے جائیں گے تاہم پی ٹی آئی نے بھی الیکشن کمیشن کا حلقہ بندیوں کا شیڈول مکمل طور پر مسترد کردیا۔ پی ٹی آئی کے ترجمان کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کا حلقہ بندیوں کا شیڈول آئین سے انحراف اور بدنیتی پر مبنی ہے، یہ شیڈول نگران حکومت کو دستور کی منشا کے خلاف طول دینے کی مجرمانہ کوشش ہے۔ اس سے قبل پیپلز پارٹی نے انتخابات میں 90 روز سے زیادہ کی تاخیر کی کھل کر مخالفت کی تھی۔ پیپلز پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات فیصل کریم کنڈی نے کہا تھا کہ حلقہ بندیوں کے بعد ان کے خلاف اپیلیں ہوئیں تو سال ڈیڑھ سال انہی چکروں میں پڑے رہیں گے، اس لیے الیکشن 90 روز کے اندر اندر ہونے چاہئیں۔

بقیہ......10

کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ حکام کے مطابق رواں ہفتے 341 کومبنگ آپریشنز کے دوران 44 مشتبہ افراد گرفتار کیے، کومبنگ آپریشنز میں 18549 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔ حکام نے کہا کہ سی ٹی ڈی محفوظ پنجاب کے ہدف پر عمل پیرا ہے، دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ......11

کے لیے مقرر کردی گئی ہے۔ نیب نے احد چیمہ پر منی لانڈرنگ اور آمدن سے زائد اثاثوں کا الزام عائد کیا ہے جس میں ضمانت منسوخی کی درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ 25 اگست کو نیب کی درخواست پر سماعت کرے گا۔

بقیہ......12

تک ملتوی کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ سے رپورٹ طلب کرلی۔ پرویز الٰہی کی نظر بندی سے قبل ڈیڑھ دن حراست میں رکھنے پر بھی وضاحت طلب کرلی گئی۔

بقیہ......13

کے بعد اپنی پہلی پریس کانفرنس میں مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ نگران حکومت کے حوالے سے سب سے بڑا کام ہمارے ملک کے آئین میں لکھا ہوا ہے یہ اس ملک کو عوام کے منتخب نمائندے چلائیں گے۔ نگران وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ آئین میں واضح ہے کہ ملک کو منتخب نمائندے ہی چلائیں گے اور اس کے لیے آپ کے پاس ایک منتخب جمہوری حکومت ہوگی اور وہ آزادانہ، منصافنی، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کے نتیجے میں ہی ممکن ہے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ اس بنیادی کام کو آئین اور قانون کی نظر میں جو ہماری ذمہ داریاں ہیں ہم وہ پوری کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی صدارت میں وفاقی کابینہ کا پہلا اجلاس ہوا جس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ وزیراعظم نے اجلاس میں کہا کہ نگران حکومت کی توجہ ملکی معیشت پر رہے گی اور وفاقی کابینہ کے سرکاری اخراجات کو کم کرنا ہوگا اور ملکی سلامتی کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دن رات کام کریں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اجلاس میں وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مسئلہ کشمیر ہماری روح ہے اس کو کبھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ساتھ ملک میں صاف اور شفاف انتخابات کے لیے بھرپور تعاون کرے گی اور وزیراعظم نے کہا کہ الیکشن کے دن پہلا ووٹ میں اور میری کابینہ کاسٹ کرے گی۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ پاکستان میں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں، ہم کسی بھی فرد، فرقے اور قوم کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ملک کے بنیادی ڈھانچے بشمول سڑکوں اور دیگر ضروری مقامات کی تعمیر و بحالی پر زور دیا جبکہ سیکرٹری کابینہ نے نگران کابینہ کو کارروائی اور قوانین کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ جڑانوالہ واقعہ پر نگران وزیراعظم نے کہا کہ اسلام کے نام پر کسی دوسرے مذہب کی تضحیک نہیں ہونے دیں گے، ریاست کی طاقت مظلوموں کے ساتھ کھڑی ہے، ہم اکثریت ہیں لیکن اکثریتی غلبے کا طرز اختیار نہیں کریں گے کیونکہ اسلام ہمیں دیگر اقلیتوں کے ساتھ ایسا برتاؤ کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے معاشی بحالی پر ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جس میں وزارت خزانہ، وزارت تجارت اور وزارت توانائی، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلٹیشن کونسل اور دیگر متعلقہ وزارتوں کے ارکان شامل ہوں گے اور یہ کمیٹی پاکستان میں معاشی بحالی کے عمل کی نگرانی کرے گی۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ اسلامی تعلیمات کے فروغ کے لیے پاکستان ٹیلی ویژن، عالمی ماہرین کی نگرانی میں تجوید قرآن پر پروگرام نشر کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے یہ بھی ہدایت دی کہ پاکستان کے ثقافتی ورثے، روحانیت اور صوفی ازم کو اجاگر کرنے کے لیے شاہ عبداللطیف بھٹائی، خوشحال خان خٹک اور بلھے شاہ جیسے شعرا و صوفیا کے کلام کو قوم تک پہنچایا جائے گا جس کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں گے۔ کے بعد اپنی پہلی پریس کانفرنس میں مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ نگران حکومت کے حوالے سے سب سے بڑا کام ہمارے ملک کے آئین میں لکھا ہوا ہے یہ اس ملک کو عوام کے منتخب نمائندے چلائیں گے۔ نگران وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ آئین میں واضح ہے کہ ملک کو منتخب نمائندے ہی چلائیں گے اور اس کے لیے آپ کے پاس ایک منتخب جمہوری حکومت ہوگی اور وہ آزادانہ، منصافنی، غیر جانبدارانہ اور شفاف انتخابات کے نتیجے میں ہی ممکن ہے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ اس بنیادی کام کو آئین اور قانون کی نظر میں جو ہماری ذمہ داریاں ہیں ہم وہ پوری کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی صدارت میں وفاقی کابینہ کا پہلا اجلاس ہوا جس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ وزیراعظم نے اجلاس میں کہا کہ نگران حکومت کی توجہ ملکی معیشت پر رہے گی اور وفاقی کابینہ کے سرکاری اخراجات کو کم کرنا ہوگا اور ملکی سلامتی کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دن رات کام کریں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ اجلاس میں وزیراعظم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ مسئلہ کشمیر ہماری روح ہے اس کو کبھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ساتھ ملک میں صاف اور شفاف انتخابات کے لیے بھرپور تعاون کرے گی اور وزیراعظم نے کہا کہ الیکشن کے دن پہلا ووٹ میں اور میری کابینہ کاسٹ کرے گی۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ پاکستان میں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں، ہم کسی بھی فرد، فرقے اور قوم کے ساتھ زیادتی نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ملک کے بنیادی ڈھانچے بشمول سڑکوں اور دیگر ضروری مقامات کی تعمیر و بحالی پر زور دیا جبکہ سیکرٹری کابینہ نے نگران کابینہ کو کارروائی اور قوانین کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ جڑانوالہ واقعہ پر نگران وزیراعظم نے کہا کہ اسلام کے نام پر کسی دوسرے مذہب کی تضحیک نہیں ہونے دیں گے، ریاست کی طاقت مظلوموں کے ساتھ کھڑی ہے، ہم اکثریت ہیں لیکن اکثریتی غلبے کا طرز اختیار نہیں کریں گے کیونکہ اسلام ہمیں دیگر اقلیتوں کے ساتھ ایسا برتاؤ کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے معاشی بحالی پر ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جس میں وزارت خزانہ، وزارت تجارت اور وزارت توانائی، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلٹیشن کونسل اور دیگر متعلقہ وزارتوں کے ارکان شامل ہوں گے اور یہ کمیٹی پاکستان میں معاشی بحالی کے عمل کی نگرانی کرے گی۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ اسلامی تعلیمات کے فروغ کے لیے پاکستان ٹیلی ویژن، عالمی ماہرین کی نگرانی میں تجوید قرآن پر پروگرام نشر کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نے یہ بھی ہدایت دی کہ پاکستان کے ثقافتی ورثے، روحانیت اور صوفی ازم کو اجاگر کرنے کے لیے شاہ عبداللطیف بھٹائی، خوشحال خان خٹک اور بلھے شاہ جیسے شعرا و صوفیا کے کلام کو قوم تک پہنچایا جائے گا جس کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کریں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ معاشی بدحالی، مہنگائی، افراط زر اور غربت ایک حقیقت ہیں اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن جب پیٹرول اور بالخصوص ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو وہ افراط زر اور مہنگائی کا طوفان اپنے ساتھ لاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرنا مجبوری ہے کیونکہ عالمی منڈی میں ان کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں لہٰذا وفاقی کابینہ کو اس بات کا احساس ہے اور اس نے اپنے اخراجات نہ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ معاشی بدحالی، مہنگائی، افراط زر اور غربت ایک حقیقت ہیں اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا لیکن جب پیٹرول اور بالخصوص ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو وہ افراط زر اور مہنگائی کا طوفان اپنے ساتھ لاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کرنا مجبوری ہے کیونکہ عالمی منڈی میں ان کی قیمتیں بڑھی ہوئی ہیں لہٰذا وفاقی کابینہ کو اس بات کا احساس ہے اور اس نے اپنے اخراجات نہ بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ......14

ایڈیشنل سیکرٹری کامران رحمان خان، ڈی جی ہیلتھ، جوائنٹ سیکرٹری اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر نگران وفاقی وزیر ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ وزارت صحت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے بھرپور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ ہم نے اس ملک وقوم عوام کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات کام کرنا ہو گا۔ صحت کا شعبہ ہماری اولین ترجیح ہے، اس میں بہتری لانا میرا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیوروکریسی اور اداروں کے مسائل کا ادراک ہے۔ عوام کے مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر قلیل مدت میں حل کریں گے۔ ہم سب نے ملکر اس ملک وقوم کی خدمت کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر فاسٹ ٹریک پر کام کرنا ہوگا۔ عوام کو بیماروں اور وباؤں سے محفوظ رکھنے مؤثر اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔ وزارت صحت بنیادی طور پر حقوق العباد کی وزارت ہے۔ عوام کے امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے سب افسران کو محنت اور لگن سے کام کرنا ہے۔ ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ صحت کے شعبے میں مفاد عامہ کیلئے انقلابی اور فلاح منصوبوں کی بنیاد رکھیں گے۔

بقیہ......15

پیمانے پر تبدیلی رونما ہوئی، آبادی بڑھنے کی وجہ سے حلقوں کی اضلاع کی سطح پر تبدیلی ہوئی ہے۔ الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ ساتویں مردم شماری کے بعد 20 ہزار 85 نئے سینس بلاک بڑھے اور کچھ میں تبدیلیاں ہوئیں، مردم شماری کے بعد ووٹر لسٹوں میں ووٹرز کو شامل کرنا ضروری ہے، ووٹر لسٹ میں حقیقی نمائندگی الیکشن کمیشن کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے، شفاف انتخابات کے لیے نئی حلقہ بندیاں لازمی ہیں۔ الیکشن کمیشن نے تحریری فیصلے میں سپریم کورٹ کے فیصلوں کا حوالہ بھی دیا اور کہا ہے کہ نئی حلقہ بندیوں، تازہ انتخابی فہرستوں کے بغیر پارلیمنٹ میں حقیقی نمائندگی ممکن نہ ہوگی، انتخابات سے پہلے غلطیوں سے پاک ووٹر لسٹ اور تازی حلقہ بندیاں لازمی ہیں، حلقہ بندیاں اور نئی ووٹر لسٹیں صحیح اور بامعنی نمائندگی پارلیمانی جمہوریت کے لیے ناگزیر ہیں۔ الیکشن کمیشن نے مزید کہا ہے کہ نئی حلقہ بندیوں کا فیصلہ امیدواروں، سیاسی جماعتوں اور ووٹرز کے بنیادی حق کے تحفظ کے لیے کیا جارہا ہے۔

بقیہ......16

کیا۔ نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کوششیں تیز کی جائیں گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز نگران وفاقی کابینہ نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا تھا، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے نگران وفاقی ورزا سے عہدوں کا حلف لیا۔

بقیہ......17

مرحومہ کے انتقال کی خبر سن کر دلی دکھ اور افسوس ہوا، والدین قدرت کا انمول تحفہ ہیں ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا تادیر پر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ غمزدہ خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں، غم اور دکھ کی اس گھڑی میں چوہدری پرویز اشرف، ولید اشرف اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ سپیکر نے اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ......19

سیکرٹری مذہبی امور آفتاب اکبر درانی سمیت وزارت مذہبی امور کے افسران نے ان کا استقبال کیا۔ نگراں وزیر مذہبی امور کو وزارت کی ذمہ داریوں سے متعلق ابتدائی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ......20

بندیال کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ 22 اگست کو کرے گا۔ براڈ شیٹ نے درخواست میں موقف اپنایا کہ شریف خاندان کی غیر ملکی جائیدادوں کی تلاش میں نیب کی معاونت کی لیکن نیب نے جائیدادوں کی تلاش کا معاوضہ ادا نہیں کیا۔ واضح رہے کہ براڈ شیٹ نے برطانیہ کی عدالت میں نیب کے خلاف واجبات کے حصول کیلئے مقدمہ دائر کیا تھا۔ براڈ شیٹ نے پانامہ جے ا?ئی ٹی کا والیم 10 فراہم کرنے کا حکم جاری کرنے کی استدعا کی تھی، براڈ شیٹ کمپنی والیم 10 کو برطانوی عدالت میں بطور ثبوت پیش کرنا چاہتی تھی۔

بقیہ......21

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے پر پی ڈی ایم اور نگران حکومت کے خلاف زبردست نعرے بازی کی اور مطالبہ کیا کہ قیمتوں میں اضافے کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے میاں محمد اسلم نے نگراں حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کی اور کہا موجودہ نگران حکومت کو پی ڈی ایم حکومت کا ہے، غلام قیادت نے آئی ایم ایف کی اشاروں پر عوام پر ایک بار پھر پیٹرول بم گراکران کا زندہ رہنا مشکل بنادیا ہے، ملک پر مسلط طبقہ غربت ختم کرنے کی بجائے غریب کو ختم کرنے پر تلا ہوا ہے، نگران حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لے اور عوام کو ریلیف دیا جائے، انہوں نے کہا پٹرولیم مصنوعات، گیس اور بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کو زندہ درگور کردیا ہے، پی ڈی ایم حکومت کا دور تاریخ کا بدترین دور تھا، عوام پہلے ہی بیروزگاری، بدامنی، بھوک وافلاس اور گیس بجلی کی قیمتوں میں اضافے سے پریشان تھے اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اعلان ان پر بجلی بن کر گرا ہے، میاں محمد اسلم نے کہا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ کے کرایوں سمیت روزمرہ کے اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوگا جس سے ایک غریب وعام آدمی کا جینا مشکل ہوجائے گا۔ محمد کاشف چوہدری نے کہا نگران حکومت سے توقع تھی کہ گزشتہ پانچ برس کے ظالمانہ اقدامات کے ازالہ کے طور پر مہنگائی میں کمی کر کے پسے ہوئے عوام کو ریلیف دے گی مگر یوم آزادی کے ایک روز بعد ہی عوام پر پٹرول بم گرا دیا گیا، آئی ایم ایف کے کہنے پر غریبوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، ملک کی آدھی سے زیادہ آبادی خط غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے، لوگ اپنی بنیادی ضروریات پوری نہیں کرسکتے، ماضی کی حکومتوں نے عوام سے سب کچھ چھین لیا۔ ملک عبدالعزیز نے کہا کہ نگراں وزیراعظم انوار الحق پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے بجائے عام انتخابات وقت پر کروانے پر توجہ دیں، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ فوری واپس لیا جائے ماضی کے حکمرانوں نے قرضے لے کر خود ہڑپ کرلیے اور ادائیگی کے لیے قوم کا خون نچوڑا، غریبوں پر بے جا ٹیکسز عائد کیے گئے اور پٹرول، بجلی، گیس اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر کے عوام کا جینا حرام کردیا گیا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ حکمران اپنی مراعات کم کرتے، مفت پٹرول، بجلی اور گیس کے استعمال پر پابندی لگتی اور ملک کے وسائل عوام پر خرچ ہوتے، مگر تجربات سے ثابت ہوچکا ہے کہ ایوانوں میں براجمان ظالم جاگیردار اور کرپٹ سرمایہ دار انھیں قوم کی فلاح و بہبود سے کوئی غرض نہیں

بقیہ......22

اخراجات اپنی جیب سے ادا کئے۔ صدر مسلم لیگ (ن) کا کہنا تھا کہ الیکشن ہر صورت اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے اور مینڈیٹ ملا تو نواز شریف ہی وزیر اعظم بنیں گے، نواز شریف میرا لیڈر ہے اور میں ان کا کارکن ہوں، مجھ پر تو سیاسی مقدمات بنے، سب کچھ برداشت کرلیا، بیٹی اور بھتیجی کو بھی عدالتوں اور جیلوں میں گھسیٹنا ناقابل برداشت تھا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ سیاست میں ضد سے نہیں بلکہ معاملات کو مذاکرات سے حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، بطور وزیراعظم سب سے بڑی کامیابی یہ تھی کہ ملک کو ڈیفالٹ سے بچالیا۔

بقیہ......23

ہوئے کہا کہ اس کیس کو فل کورٹ کو سننا چاہیے، آج بھی چیف جسٹس پاکستان سے درخواست کرتا ہوں کہ نیب ترامیم کیس فل کورٹ سنے، ابھی تک سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کا فیصلہ نہیں ہوا، اگر سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کا فیصلہ ہو جاتا تو معاملہ مختلف ہوتا۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیے کہ فریقین آئندہ سماعت پر حتمی دلائل دیں، یہ کیس 2022 سے زیر التواء ہے، ضروری نہیں کیس کے میرٹس پر فیصلہ دیں، نیب ترامیم کیخلاف دائر کی گئی درخواست کے قابل سماعت ہونے پر بھی فیصلہ دے سکتے ہیں، 2023 میں نیب قانون میں کی گئی ترامیم کو ہمارے سامنے کسی نے چیلنج ہی نہیں کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ میری ریٹائرمنٹ قریب آن پہنچی ہے، یہ انتہائی اہم مقدمہ ہے مجھے ہر صورت فیصلہ دینا ہوگا، اگر فیصلہ نا دے سکا تو میرے لیے باعث شرمندگی ہوگا۔ سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیخلاف کیس کی سماعت 28 اگست تک ملتوی کردی۔

بقیہ......24

درخواست پر چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ دورانِ سماعت جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ میرے خیال میں کیس کو فل کورٹ کو سننا چاہیے۔ میری تجویز ہے کہ چیف جسٹس فل کورٹ تشکیل دیں۔ جسٹس منصور علی شاہ نے مو?قف اپنایا کہ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کی موجودگی میں کیس 5 ممبرز کو سننا چاہیے۔ عدالت پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کیس کا فیصلہ کرے یا فل کورٹ تشکیل دے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے ملٹری کورٹس کیس میں لکھے گئے اپنے نوٹ کا حوالہ بھی دیا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر بل کے بعد کیس کو فل کورٹ کو سننا چاہیے۔ سپریم کورٹ پہلے پریکٹس اینڈ پروسیجر قانون کا فیصلہ کرے، آج بھی چیف جسٹس سے درخواست کرتا ہوں کہ نیب ترامیم کیس فل کورٹ سنے۔ اگر سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کا فیصلہ ہو جاتا تو معاملہ مختلف ہوتا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے مزید کہا کہ ملٹری کورٹس کیس میں بھی فل کورٹ بنانے کی تجویز دی تھی۔ میرا اعتراض ہے کہ اس طرح کے معاملات فل کورٹ ہی سن سکتی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل خواجہ حارث کے معاون وکیل یاسر امان عدالت میں پیش ہوئی۔ معان وکیل نے بتایا کہ خواجہ حارث کی طبیعت ناساز ہے، انہوں نے اپنی جگہ مجھے پیش ہونے کی اجازت دی۔ خواجہ حارث نے عدالت سے معذرت کی ہے۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ ضروری نہیں کہ کیس کے میرٹس پر ہی فیصلہ کریں۔ ممکن ہے کیس کے قابل سماعت ہونے پر فیصلہ آئے، فریقین آئندہ سماعت پر حتمی دلائل دیں۔ یہ کیس 2022 سے زیر التواء ہے، نیب قانون میں کی گئی ترامیم کو ہمارے سامنے کسی نے چیلنج ہی نہیں کیا۔ چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ وکلا کو تیاری کیلئے ایک ہفتے کا ٹائم دے رہے ہیں، کیس کے میرٹس کے ساتھ قابل سماعت ہونے پر بھی فیصلہ دیں گے۔ فریقین آئندہ سماعت پر حتمی دلائل دیں، یہ کیس 2022 سے زیر سماعت ہے۔ بعد ازاں سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیخلاف چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت 28 اگست تک ملتوی کردی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ 28 اگست سے روزانہ کی بنیاد پر کیس کی ساعت کریں گے۔

بقیہ......25

کے مطابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے صدر آزاد ریاست جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صدر آزاد جموں و کشمیر نے انوار الحق کاکڑ کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ صدر آزاد جموں و کشمیر نے نگراں وزیراعظم کو آزاد جموں و کشمیر آنے اور قانون ساز اسمبلی سے خطاب کرنے کی دعوت دی۔ نگراں وزیراعظم نے صدر آزاد جموں و کشمیر کو پاکستان کی جانب سے کشمیر کے لئے غیر مشروط حمایت کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حصول کی جدوجہد میں ہم ان کے شانہ بہ شانہ کھڑے رہیں گے، پاکستان کشمیریوں کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی مدد تب تک جاری رکھے گا جب تک اقوام متحدہ کی سکیورٹی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کا حل کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق استصواب رائے سے نہیں ہوجاتا۔

بقیہ......26

ہونا چاہئے۔ اس سلسلے میں وزارت اور اس سے منسلک تمام محکموں کو مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔ تمام محکمے فوری طور پر حفاظت سے متعلق آڈٹ اور اسیسمنٹ کریں اور رپورٹ 7 دن کے اندر پیش کی جائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایم ایل ون پاکستان کے لئے ایک اہم اور سٹریٹجک منصوبہ ہے، ریلوے کی ا?مدنی کے بہاؤ کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ......27

سندھی کو وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے اہم کاموں اور ذمہ داریوں کے بارے میں ایک جامع بریفنگ دی گ ء۔ انہوں نے کہا کہ ایجوکیشن سیکٹر کی پچیدگیوں کو سمجھ کر انہیں حل کرنا چاہتا ہوں۔ اس پوزیشن کو خدمت خلق سمجھ کر اس کا حق ادا کریں گے۔ انیوں نے کہا کہ ارادہ ہے کہ اس مختصر عرصے میں بھی ایجوکیشن سیکٹر میں بہتری لائی جائے، ہماری پوری کوشش ہونی چاہیے کہ اس تھوڑے وقت میں بھی ترقی کی بنیاد ڈال دیں۔ نگراں وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت مدد علی سندھی نے قوم کی خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ سیکٹری ایجوکیشن وسیم اجمل چوہدری نے کہا کہ پوری وزارت کی کمٹمنٹ ہے کہ وفاقی وزیر کی ہدایات اور وژن پر پورا اتریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مدد علی سندھی اپنے ساتھ تعلیم کے میدان میں علم اور تجربہ کا خزانہ لے کر آئے ہیں جس کا وزارت کو فائدہ ہوگا۔

بقیہ......28

کے بعد وزارت میں سیکرٹری فارینہ مظہر اور قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کے دیگر افسران سے ملاقات کی۔ وفاقی سیکرٹری نے جمال شاہ کو تعارفی بریفنگ دی اور انہیں ہیریٹیج اینڈ کلچر ڈویژن کے کام کے بارے میں آگاہ کیا۔ افسران سے خطاب کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ وہ ملک میں ثقافت اور فنکار برادری کی بہتری اور ترقی کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اس عہدے کو ایک چیلنج کے طور پر قبول کیا ہے اور وہ اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن کے ساتھ نبھائیں گے۔

بقیہ......29

میں بطور سفیر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ انہیں خارجہ امور کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔

بقیہ......30

اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ حلقہ بندی انتخابات کے عمل میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ آئین پر عمل کرنا ہوگا 90 دن کے اندر عام انتخابات لازمی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے سیاسی اور معاشی حالات کسی بحران کے متحمل نہیں ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی انتخابات کیلئے تیار ہے۔

بقیہ......31

مہارت رکھتے ہیں۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ مجھے قابل ٹیم پر فخر ہے اور توقع ہے کہ اس عبوری مدت میں ہم قوم کی بھرپور خدمت کریں گے۔ گو کہ ہمارے پاس ملک کی خدمت کے لئے کوئی زیادہ مینڈیٹ نہیں ہے بلکہ ایک محدود وقت ہے، ہم کوشش کریں گے کہ گزشتہ حکومتوں نے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف فورمز پر جو وعدے کیئے ہیں ان کو پورا کریں اور اسی کے تسلسل میں قانون اور آئین ہمیں جو اجازت دیتا ہے اس میں رہ کر نیا قدامات اٹھائیں، بالخصوص گزشتہ حکومت کی جانب سے قائم کی گئی غیر ملکی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے پلیٹ فارم سے جو توقعات وابستہ کی گئی ہیں ان کی تکمیل ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، جہاں بڑے معدنی وسائل ہیں۔ بلوچستان قدرتی اور معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کوئی نیا تصور نہیں بلکہ یہ پرانا قومی خواب ہے جس پر اب عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ پاک آرمی سمیت تمام اداروں کے تعاون سے ہم معاونت، سہولت، حوصلے اور ادراک سے اس پرانے قومی خواب کو شرمندہ تعبیر کریں۔ یہ کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کی اجتماعی ملکیت ہے۔ اس میں ہم سب مشترکہ طور پر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس منقسم ماحول میں ہم کوشش کریں گے کہ سیاست اور قانون میں فرق رکھیں۔ یہاں قانون کی حکمرانی اور رُول آف آرڈر ہو۔ ہم یقینی بنائیں گے کہ رُول آف آرڈر پر کسی طور پر سمجھوتہ نہ ہو، اگر کہیں بھی انتشار ہوتو کوئی حکومتی نظام نہیں چل سکتا، ہم اس کی اہمیت سے آگاہ ہیں۔ اس پر کسی طور پر سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام مذاہب کے حامل لوگوں کا ملک ہے۔ قائد اعظم نے 11 اگست کو اپنی مشہور تقریر میں کہا تھا کہ کسی کو بھی اس کی شناخت کی بنیاد پر حقوق حاصل نہیں ہوں گے بلکہ بلاتفریق سب کو یہ حقوق حاصل ہوں گے۔ ہمیں اپنے پاکستان کے خواب کا ادراک کرنا ہوگا اور یہ ہماری دھرتی کا خواب ہے۔ قائداعظم اور اقبال کے وژن پر عمل کر کے پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قدامت پسندر، جحانات کی کسی شکل کی سختی سے مذمت کرتے ہیں۔ معاشرے میں مذہبی انتہا پسندی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ قدامت پسندی خواہ مذہبی ہو یا سیکولر یا کسی اور شکل میں ہو اس کا خیر مقدم نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کی حوصلہ شکنی کرنی ہے اور اس سے قانون کے مطابق نمٹنا ہے۔ مہارت رکھتے ہیں۔ نگراں وزیراعظم نے کہا کہ مجھے قابل ٹیم پر فخر ہے اور توقع ہے کہ اس عبوری مدت میں ہم قوم کی بھرپور خدمت کریں گے۔ گو کہ ہمارے پاس ملک کی خدمت کے لئے کوئی زیادہ مینڈیٹ نہیں ہے بلکہ ایک محدود وقت ہے، ہم کوشش کریں گے کہ گزشتہ حکومتوں نے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف فورمز پر جو وعدے کیئے ہیں ان کو پورا کریں اور اسی کے تسلسل میں قانون اور آئین ہمیں جو اجازت دیتا ہے اس میں رہ کر نیا قدامات اٹھائیں، بالخصوص گزشتہ حکومت کی جانب سے قائم کی گئی غیر ملکی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے پلیٹ فارم سے جو توقعات وابستہ کی گئی ہیں ان کی تکمیل ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے، جہاں بڑے معدنی وسائل ہیں۔ بلوچستان قدرتی اور معدنی وسائل سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کوئی نیا تصور نہیں بلکہ یہ پرانا قومی خواب ہے جس پر اب عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ وقت آگیا ہے کہ پاک آرمی سمیت تمام اداروں کے تعاون سے ہم معاونت، سہولت، حوصلے اور ادراک سے اس پرانے قومی خواب کو شرمندہ تعبیر کریں۔ یہ کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کی اجتماعی ملکیت ہے۔ اس میں ہم سب مشترکہ طور پر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس منقسم ماحول میں ہم کوشش کریں گے کہ سیاست اور قانون میں فرق رکھیں۔ یہاں قانون کی حکمرانی اور رُول آف آرڈر ہو۔ ہم یقینی بنائیں گے کہ رُول آف آرڈر پر کسی طور پر سمجھوتہ نہ ہو، اگر کہیں بھی انتشار ہوتو کوئی حکومتی نظام نہیں چل سکتا، ہم اس کی اہمیت سے آگاہ ہیں۔ اس پر کسی طور پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تمام مذاہب کے حامل لوگوں کا ملک ہے۔ قائداعظم نے 11 اگست کو اپنی مشہور تقریر میں کہا تھا کہ کسی کو بھی اس کی شناخت کی بنیاد پر حقوق حاصل نہیں ہوں گے بلکہ بلاتفریق سب کو یہ حقوق حاصل ہوں گے۔ ہمیں اپنے پاکستان کے خواب کا ادراک کرنا ہوگا اور یہ ہماری دھرتی کا خواب ہے۔ قائداعظم اور اقبال کے وژن پر عمل کر کے پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم قدامت پسندر، جحانات کی کسی شکل کی سختی سے مذمت کرتے ہیں۔ معاشرے میں مذہبی انتہا پسندی کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس کی حوصلہ شکنی کی جائے گی۔ قدامت پسندی خواہ مذہبی ہو یا سیکولر یا کسی اور شکل میں ہو اس کا خیر مقدم نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس کی حوصلہ شکنی کرنی ہے اور اس سے قانون کے مطابق نمٹنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بڑے معاشی چیلنجز کا سامنا ہے تاہم قابل نگران ٹیم کی معاونت سے ہم مالیاتی نظم وضبط قائم کریں گے۔ ہمیں ٹیکس پیئر کے پیسے کی اہمیت کا اندازہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آج کا یہ اجلاس، وسائل، سفر کی قیمت پاکستان کے عوام ادا کرتیہیں۔ ایک دکاندار، ٹیچر، قانون دان، سول سرونٹ یہ سب ہمارے لئے کام کرتے ہیں اور ہم انہیں سماجی خدمات، ساز گار ماحول فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب اور زبانوں کا حامل ملک ہے۔ اقلیتوں کا اس ملک میں مکمل تحفظ کیا جائے گا۔ ریاست اقلیتوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے ساتھ نہیں ہے۔ اکثریت کو اقلیت کا خیال رکھنا ہوگا۔ ان کے خلاف معاشرے کے کسی طبقے کی جانب سے نشانہ بنانے پر قوم اور ریاست کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کے ساتھ کھڑی ہو۔ انصاف اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، کسی سے ناانصافی نہیں ہوگی۔ انہوں نے اقلیتوں کے حقوق کے مکمل احترام کا درس دیا ہے۔ پاکستان کی بنیاد مقدس اصولوں پر رکھی گئی ہے۔ نگراں وزیراعظم نے 9 مئی کے واقعات پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتیہوئے کہا کہ ہماری فوجی تنصیبات پر حملہ ہمارے پورے نظام پر حملے کے مترادف ہے۔ ہم نہ صرف اس کی مذمت کرتیہیں بلکہ اس کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔ جس نے بھی قانون کی خلاف ورزی کی ہے ان سے کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ کشمیر کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یہ ایک دیرینہ تنازعہ ہے اور اسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بڑے معاشی چیلنجز کا سامنا ہے تاہم قابل نگران ٹیم کی معاونت سے ہم مالیاتی نظم وضبط قائم کریں گے۔ ہمیں ٹیکس پیئر کے پیسے کی اہمیت کا اندازہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آج کا یہ اجلاس، وسائل، سفر کی قیمت پاکستان کے عوام ادا کرتیہیں۔ ایک دکاندار، ٹیچر، قانون دان، سول سرونٹ یہ سب ہمارے لئے کام کرتے ہیں اور ہم انہیں سماجی خدمات، ساز گار ماحول فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب اور زبانوں کا حامل ملک ہے۔ اقلیتوں کا اس ملک میں مکمل تحفظ کیا جائے گا۔ ریاست اقلیتوں کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے ساتھ نہیں ہے۔ اکثریت کو اقلیت کا خیال رکھنا ہوگا۔ ان کے خلاف معاشرے کے کسی طبقے کی جانب سے نشانہ بنانے پر قوم اور ریاست کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ ان کے ساتھ کھڑی ہو۔ انصاف اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، کسی سے ناانصافی نہیں ہوگی۔ انہوں نے اقلیتوں کے حقوق کے مکمل احترام کا درس دیا ہے۔ پاکستان کی بنیاد مقدس اصولوں پر رکھی گئی ہے۔ نگراں وزیراعظم نے 9 مئی کے واقعات پر ناپسندیدگی کا اظہار کرتیہوئے کہا کہ ہماری فوجی تنصیبات پر حملہ ہمارے پورے نظام پر حملے کے مترادف ہے۔ ہم نہ صرف اس کی مذمت کرتیہیں بلکہ اس کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔ جس نے بھی قانون کی خلاف ورزی کی ہے ان سے کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ کشمیر کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یہ ایک دیرینہ تنازعہ ہے اور اسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ......32

بیان میں وزیر اعظم نے کنور نوید جمیل کیلئے مغفرت کی دعا کی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دیں اور اہلِ خانہ کو صبر جمیل عطا کریں۔

بقیہ......33

قبضے کے معاملے پر از خود نوٹس لینا ہے یا نہیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بہتر ہوگا ہمارے سامنے کوئی درخواست آ جائے، ہم از خود نوٹس لینے میں محتاط ہیں، از خود نوٹس کا مقصد عوامی مفاد کا تحفظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایف آئی اے کی رپورٹ کا جائزہ لیا ہے، رپورٹ کے مطابق 175 ارب روپے کا نقصان ہوا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ رپورٹ میں ایک مجموعی تخمینہ دیا گیا مگر سوسائٹیوں سے وضاحت طلب نہیں کی گئی۔ سماعت کے دوران جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ ایف آئی اے کیسے نجی بزنس میں اپنا نام استعمال کر سکتا ہے؟ کیا یہ مفادات کا ٹکراؤ نہیں ہے؟ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ ایف آئی اے پر زمینوں پر قبضے کے سنگین الزامات ہیں، آئی بی بھی بظاہر زمینوں پر قبضوں میں ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اداروں کا کام عوام کی خدمت کرنا ہے ہاؤسنگ سوسائٹی چلانا نہیں۔ بعد ازاں سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی گئی۔

بقیہ......34

کورٹ میں ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے فرانزک آڈٹ کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ہم نے ایف آئی اے کی رپورٹ کا جائزہ لیا ہے اور رپورٹ کے مطابق 175 ارب روپے کا نقصان ہوا، رپورٹ میں ایک مجموعی تخمینہ دیا گیا مگر سوسائٹیوں سے وضاحت طلب نہیں کی گئی۔ دوران سماعت جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ ایف آئی اے کیسے پرائیویٹ بزنس میں اپنا نام استعمال کرسکتا ہے؟ کیا یہ مفادات کا ٹکراؤ نہیں ہے؟ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے کہ ایف آئی اے پر زمینوں پر قبضے کے سنگین الزامات ہیں اور آئی بی بھی بظاہر زمینوں پر قبضوں میں ملوث ہے، ان اداروں کا کام عوام کی خدمت کرنا ہے ہاؤسنگ سوسائٹی چلانا نہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ اگر آئی بی کی ہاؤسنگ سوسائٹی ہوگی تو اس کے ساتھ کون مقابلہ کرے گا، سرکاری اداروں کی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کا معاملہ ہمارے سامنے نہیں اس لیے اس معاملے پر الگ سے از خود نوٹس ہوسکتا ہے، دیکھتے ہیں از خود نوٹس لینا ہے یا نہیں۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بہتر ہوگا ہمارے سامنے کوئی درخواست ا? جائے، ہم از خود نوٹس لینے میں محتاط ہیں کیونکہ از خود نوٹس کا مقصد عوامی مفاد کا تحفظ ہے۔ عدالت نے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی۔

بقیہ......35

تنخواہ، معاوضہ، سرکاری سہولت یا مراعات قبول نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر خدمت کے لیے اٹھنے والے اخراجات کو خود پورا کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔ نگران وزیر صنعت و پیدار نے کہا کہ میرا مقصد بغیر کسی ذاتی مالی فائدے کے قوم کی ترقی اور ڈیولپمنٹ میں اپنا حصہ ڈالنا ہے۔

بقیہ......36

کی۔ اسی طرح احمد تارڑ نگراں وزیر مواصلات اور سرفراز بگٹی وزیر داخلہ ہوں گے۔ گوہر اعجاز وزیر صنعت وتجارت اور انیق احمد وزیر برائے مذہبی امور ہوں گے۔ سید انور علی حیدر کو وزارت دفاع کا قلمدان سونپا گیا ہے جبکہ مرتضیٰ سولنگی کو وزارت اطلاعات دی گئی ہے، جلیل جیلانی کو وزارت خارجہ اور جمال شاہ کو ثقافت کا قلمدان دیا جائے گا۔

بقیہ......37

نشان بنایا جائے۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے جڑانوالہ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی، انہوں نے کہا پاکستان کو بہت سارے چیلنجز کا سامنا ہے، دشمن ہمیشہ ہمیں آپس میں لڑانے کی سازشیں کرتا ہے۔ مولانا عبدالخبیر آزاد نے کہا درندہ صفت نے لوگوں کو اکٹھا کیا، اعلیٰ سطح پر اس واقعہ کی تحقیقات ہونی چاہئے، اسلام امن اور سلامتی کا دین ہے، کسی کو یہ اجازت نہیں جس کا دل چاہے سڑک پر عدالت لگائے، سویڈن میں قرآن کریم کی بیحرمتی پر مسیحی برادری نے بھی احتجاج کیا تھا۔ متحد ہوکر ہم سب نے پرامن پاکستان بنانا ہے۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی نے کہا دشمن کو بتانا چاہتا ہوں تمہاری سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، پوری قوم مسیحی برادری کے ساتھ کھڑی ہے، جن لوگوں نے مسیحی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچایا عبرت کا نشان بنانا چاہیے۔ ہمیں احترام انسانیت، تشدد سے پاک معاشرے کے فروغ کی طرف جانا ہوگا۔ کسی کیگھر کو جلانے کی شریعت اجازت نہیں دیتی، ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے، ہمارے دل انتہائی رنجیدہ ہیں۔

بقیہ......38

کہا کہ علی مردان ڈومکی کی سربراہی میں صوبہ بلوچستان میں صاف وشفاف انتخابات کا انعقاد ہوگا۔

بقیہ......39

کے سرکاری نتائج کے مطابق نئی حلقہ بندیاں کرانے کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے شیڈول جاری کردیا گیا ہے۔

بقیہ......40

وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر دفاع خواجہ آصف صدر عارف علوی کے بھاشن پر جذباتی ہوتے ہوئے کہا کہ عفو اور درگزر کا درس دینے سے پہلے صدر علوی اپنا ماضی اپنے سامنے رکھیں وہ اپنا ماضی بھول کر اب لوگوں کے سامنے وعظ کررہے ہیں۔

صدر کے ٹویٹ سے بھونچال آگیا، معاملہ سلجھنے کی بجائے الجھ رہا ہے، شیخ رشید

آئندہ تین ہفتوں میں سپریم کورٹ اہم فیصلے کرے گی جن میں مردم شماری سے لے کر نیب توشہ خانہ اور اب سیکرٹ ایکٹ بھی شامل ہو جائے گا، سربراہ عوامی مسلم لیگ

ا، کارخانے بند ہونے سے غریب بیروزگاری کی بھینٹ چڑھ گیا ہے، عوام کا نام ہی ریاست ہے، عوام خوشحال اور پرسکون ہوں گے تو ریاست مستحکم اور خوشحال ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے صدر عارف علوی ٹویٹ کر کے بھونچال لے آئے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر ایک پیغام میں شیخ رشید نے لکھا کہ صدر عارف علوی کے ٹویٹ کے بعد نہ نگران لامنسٹر کو اور نہ ہی لامنسٹری کو سمجھ آرہی ہے کہ وہ کیا کریں، مسئلہ سلجھنے کی بجائے مزید الجھ رہا ہے۔ شیخ رشید کا کہنا تھا کہ آئندہ تین ہفتوں میں سپریم کورٹ اہم فیصلے کرے گی جن میں مردم شماری سے لے کر نیب توشہ خانہ اور اب سیکرٹ ایکٹ بھی شامل ہو جائے گا، پچھلے تین دنوں سے دنیا اور پاکستان کے میڈیا پر ٹویٹ اور صرف صدر کا ٹویٹ ہی چل رہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: کاشف انور صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو عمرہ کی ادائیگی سے واپسی پر چیئرمین سحر میڈیا گروپ ملک یامین اعوان، ملک ندیم اعوان، چوہدری منور اور ندیم مبارکباد دینے کے بعد گلدستہ پیش کر رہے ہیں

Professionals
Organized by

نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم مقامی ہوٹل میں منعقدہ ایگزیکٹو مینجمنٹ سکلز فار پروفیشنلز کے موقع پر شاہد منہاس سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

چیئرمین سی او پی ایچ سی نے گوادر کو سی پیک کا اہم محور قرار دے دیا

گوادر فری زون، گوادر بندرگاہ اور شہر کی ترقی کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا، یہ ایک بڑی کامیابی ہے

گوادر بندرگاہ مکمل طور پر آپریشنل ہے اور درآمدات اور برآمدات دونوں کے انتظام کیلئے لیس ہے، چیئرمین سی او پی ایچ سی یوبو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی (سی او پی ایچ سی) کے چیئرمین یو بو نے گوادر بندرگاہ کو سی پیک کا اہم محور قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ گوادر فری زون کے ساتھ ساتھ گوادر کی بندرگاہ اور شہر کی ترقی کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا، یہ ایک بڑی کامیابی ہے، ہم گوادر کو ایک معمولی گاؤں سے ٹیکنالوجی سے بھرپور جدید شہر میں تبدیل کر رہے ہیں، گوادر بندرگاہ مکمل طور پر آپریشنل ہے اور درآمدات اور برآمدات دونوں کے انتظام کیلئے لیس ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایل سی سی آئی) میں پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت گوادر کی انقلابی پیش رفت پر روشنی ڈالتے ہوئے کیا۔ انہوں نے پاکستانی سرمایہ کاروں کو گوادر میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

استحکام پاکستان پارٹی کے صدر علیم خان، مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کی ملاقات

موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال، دونوں رہنماؤں نے آئندہ بھی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا

حالیہ سالوں میں عوامی مشکلات میں اضافہ ہوا، کوئی جماعت چیلنجز کا تنہا مقابلہ نہیں کر سکتی، علیم خان، ندیم پہلوان

لاہور (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان اور پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں ملک کی موجودہ مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سب کو انفرادی اور اجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا۔ استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان اور پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری کی لندن میں ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر مرزا شہریار سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ حالیہ چند سالوں میں عوام کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے اور ان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

لاہور: استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان اور پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان کا ساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو مرزا شہریار بھی ہمراہ موجود ہیں

آئین اور جمہوریت کے خلاف سازش میں صدر مملکت کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بیرسٹر محمد علی سیف

صدر کے منصب پر براجمان ہونے کیلئے شوقیہ اداکار میدان میں کود پڑے ہیں

ہر نسل کے سیاسی مداری صدر پر اعتراض کر رہے ہیں، انہیں آئین کے احترام سے زیادہ کرسی اور منصب کا لالچ ہے

ایف آئی اے یا وفاقی حکومت کے زیر انتظام اداروں سے غیر جانبدار انکوائری کی توقعات نہیں رکھنی چاہیے

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر ڈاکٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ آئین اور جمہوریت کے خلاف سازش میں صدر مملکت کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، صدر کے منصب پر براجمان ہونے کیلئے شوقیہ اداکار میدان میں کود پڑے ہیں، ہر نسل کے سیاسی مداری صدر پر اعتراض کر رہے ہیں، انہیں آئین کے احترام سے زیادہ کرسی اور منصب کا لالچ ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا کہ جعلی شیر اور پیدائشی چیئرمین نے صدارت کی کرسی پر قبضے کی واردات کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف جعلی شیر لندن سے سازش کی ڈوریں ہلا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عرفان صدیقی اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

پاکستان اور چین کے درمیان ہزاروں برس پرانے چٹان نقاشی فنون کے تحفظ بارے معاہدہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور چین کے درمیان ہزاروں برس پرانے چٹان نقاشی فنون کے تحفظ بارے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے، دونوں فریق تجربات کا تبادلہ کریں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

ملک بھر میں ایک ہفتے کے دوران کورونا وائرس کے 30 کیس رپورٹ، 2 مریضوں کی حالت تشویش ناک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں ایک ہفتے کے دوران کورونا وائرس کے 30 کیس رپورٹ ہوئے اور 2 مریضوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

حیدرآباد سکھر موٹر وے اسکینڈل، 6 انکوائریاں یکجا، نیب کراچی کے سپرد

کراچی (بیورو رپورٹ) حیدرآباد سکھر موٹر وے اسکینڈل کے سلسلے میں 6 الگ الگ انکوائریوں کو یکجا کر کے معاملہ صرف نیب کراچی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حیدرآباد سکھر موٹر کرپشن اسکینڈل کے سلسلے میں نیب کراچی، نیب سکھر، اینٹی کرپشن کراچی، اینٹی کرپشن سکھر، ایف آئی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر 23 سے 25 اگست تک درمیانے سے اونچے درجے کے سیلاب کا خطرہ ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق دریائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کا رات گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

بیدیاں روڈ انڈر پاس کی 64 پائلز مکمل، منصوبے کے تمام 44 گرڈرز پیڈز بھی مکمل ہو گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے رات گئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ کمشنر و ڈی جی ایل ڈی اے نے زیر تعمیر بیدیاں روڈ انڈر پاس اور شاہدرہ فلائی اوور منصوبے کا دورہ کیا۔ چیف انجینئر اسرار سعید، سائٹ پر موجود پراجیکٹ ڈائریکٹر اور کنٹریکٹر نے بریفنگ دی۔ بیدیاں روڈ انڈر پاس کی کل 896 پائلز میں سے 64 پائلز مکمل کر لی گئیں ہیں۔ منصوبے کے تمام 44 گرڈرز پیڈز بھی مکمل ہو گئے ہیں، منصوبے پر چوبیس گھنٹے کام جاری ہے۔ شاہدرہ چوک فلائی اوورز کے تمام ٹرانسمز اور گرڈرز مکمل کر لیے گئے ہیں۔ منصوبے کے 126 میں سے 105 گرڈرز لانچ کر دیے گئے، 8 میں سے 3 ریٹیننگ والز مکمل کر لی گئیں۔ منصوبے کا مجموعی طور پر 75 فیصد سے زائد کام کر لیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی: وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی جانب سے نوٹس لینے پر مریضوں اور تیمارداروں سے پیسے لینے والے ہولی فیملی ہسپتال کے گارڈز حوالات میں بند

چیئرلفٹ میں پھنسے بچوں کی واپسی کے لیے اداکاروں سمیت پوری قوم دعا گو

بٹگرام (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع بٹگرام کی تحصیل الائی میں پاشتو کے مقام پر کیبل کار کی رسی ٹوٹ جانے سے درمیان میں سیکڑوں فٹ بلندی پر چیئرلفٹ پر پھنسے بچوں کی باحفاظت واپسی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

کسی بھی مذہب کی مقدسات کی توہین، عبادت گاہوں پر حملہ اسلامی تعلیمات کے منافی ہے، ضیاء الدین انصاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسلام کسی بھی مذہب کی عبادت گاہوں اور اقلیتوں کے جان و مال کے تحفظ کی مکمل ضمانت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

جنوبی امریکہ، افریقہ سے درآمد شدہ مواد کو چینی ہینگنگ ایگریکلچر گروپ گوادر میں پروسیس کرنے کے بعد برآمد کریگا

گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں ماہ گوادر پورٹ سے دواسازی کے خام مال کے 30 کنٹینرز چین کو برآمد کیے جائیں گے، جنوبی امریکہ اور افریقہ سے درآمد شدہ مواد کو چینی ہینگنگ ایگریکلچر گروپ گوادر میں کمپنی کے صنعتی پارک میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

حسان نیازی اور حیدر مجید کی بازیابی کی درخواستیں یکجا کرنے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کے بھانجے حسان نیازی اور ان کے دوست حیدر مجید کی بازیابی کی درخواستیں یکجا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

محکمہ جنگلی حیات کا صوبہ بھر میں غیر قانونی شکار اور کاروبار کی روک تھام کیلئے سخت کریک ڈاؤن

ناجائز قبضہ سے آٹھ مور اور تین تیتر برآمد، غیر قانونی شکار اور کاروبار پر بارہ ملزمان کے چالانات

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر وحید ملک کی خصوصی ہدایت پر پنجاب کے طول و عرض میں محکمہ کا ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی قیادت میں غیر قانونی شکار اور کاروبار کی روک تھام کیلئے سخت کریک ڈاؤن جاری ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں بی ایس آنرز میں داخلوں کی پہلی میرٹ لسٹیں جاری

21 مضامین میں داخلوں کے لیے فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ 28 اگست مقرر

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور میں بی ایس آنرز میں داخلوں کے لیے پہلی میرٹ لسٹیں جاری کر دی گئی ہیں۔ بی ایس آنرز کے 21 مضامین میں داخلوں کے لیے میرٹ لسٹیں ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی گئی ہیں۔ یونیورسٹی نے انٹرمیڈیٹ ہوم اکنامکس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

چیئرمین ایف بی آر سے قطر کے ناظم الامور کی ملاقات

ملاقات میں کسٹمز اور ٹیکس کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں ممالک ان شعبوں میں بہترین طریقوں اور مہارتوں کا اشتراک کریں گے، ملاقات میں فیصلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قطر کے ناظم الامور عیسیٰ محمد الداسم الکوبیسی نے منگل کے روز فیڈرل بورڈ آف ریونیو ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور چیئرمین ایف بی آر ملک امجد زبیر ٹوانہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کسٹمز اور ٹیکس کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا تاکہ دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

21 اگست کو بجلی کی پیداوار نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیئے

یہ 18 اگست کو پہلے ریکارڈ کی گئی سب سے زیادہ 24600 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کو پیچھے چھوڑ گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) 21 اگست کو بجلی کی پیداوار نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیئے، 21 اگست کو 24 گھنٹے میں اب تک کی سب سے زیادہ 25516 میگاواٹ بجلی کی پیداوار ریکارڈ کی گئی، یہ 18 اگست کو پہلے ریکارڈ کی گئی سب سے زیادہ 24600 میگاواٹ بجلی کی پیداوار کو پیچھے چھوڑ گیا ہے۔ اب تک کی سب سے زیادہ توانائی بھی 21 اگست کو 558.35GWH ریکارڈ کی گئی جس نے 8 جولائی کو 555.33GWH کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیا۔ یہ زبردست پیشرفت ایک ہی دن میں حاصل کی گئی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

گوادر بندرگاہ سے ادویات لے جانے والے 30 کنٹینرز کی برآمد شروع

رواں ماہ فارماسیوٹیکل خام مال سے بھرے 30 کنٹینرز چین برآمد کئے جائیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گوادر پورٹ سے رواں ماہ فارماسیوٹیکل خام مال سے بھرے 30 کنٹینرز چین برآمد کئے جائیں گے، جنوبی امریکہ اور افریقہ سے درآمد کیا جانے والا مواد گوادر میں کمپنی کے صنعتی پارک میں پروسیسنگ کے بعد چینی ہینگنگ ایگریکلچر گروپ کی جانب سے برآمد کیا جائے گا۔ گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے کمپنی کے سی ای او اینڈی لیانے کہا کہ پہلے وہ چین کو فارماسیوٹیکل خام مال کے 30 کنٹینرز برآمد کرتے تھے، اب ان میں اضافہ کرتے ہوئے ہر ماہ مجموعی طور پر 60 کنٹینرز برآمد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم بی آر آئی اور سی پیک کے ساتھ منسلک ہونے کے لئے فعال طور پر حصہ لے رہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا چھاپہ، 17 ہزار کلو زائد المیعاد فروزن فوڈ آئٹم برآمد

ایکسپائرڈ پروڈکٹس کو جعلی لیبل لگا کر دوبارہ سپلائی کیا جانا تھا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سیفٹی ٹیموں نے لاہور میں کولڈ سٹور پر چھاپہ مار کر 17 ہزار کلو زائد المیعاد فروزن فوڈ آئٹمز برآمد کر کے تلف کر دیئے۔ فوڈ اتھارٹی کی سیفٹی ٹیم نے رائیونڈ مانگا روڈ پر واقع کولڈ سٹور میں ریڈی ٹو کک فروزن فوڈ میں بڑی غفلت کا سراغ لگایا۔ اسٹور سے 17 ہزار کلو سموسے، سینڈوچ، رول پٹیاں، نگٹس اور فروزن پروڈکٹس برآمد کر کے تلف کر دیئے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر کے مطابق معروف برانڈ کی زائد المیعاد اشیا برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی، زائد المیعاد فروزن اشیا کو کولڈ اسٹور میں رکھا گیا تھا۔ ایکسپائرڈ پروڈکٹس کو دوبارہ جعلی لیبل لگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت اہم اجلاس

شہر میں جاری منصوبوں کو وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے گا، کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت شہر میں جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نے بریفنگ دی۔ اجلاس میں اکبر چوک، بیدیاں انڈر پاس اور شاہدرہ فلائی اوور منصوبے کی پیش رفت پر بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ شہر میں جاری منصوبوں کو وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ تمام منصوبوں پر دن رات کام جاری ہے، ہر شفٹ کی کارکردگی کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ ان میگا منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو بڑا ریلیف ملے گا۔ کمشنر و ڈی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

لاہور: سپورٹس بورڈ پنجاب کے تعاون اور پاکستان ماڈرن پینٹا تھلون فیڈریشن کے زیر اہتمام پنجاب سٹیڈیم میں گلوبل لیزر رن 2023 کے مقابلے کا منظر

ایس ایم تنویر کی زیر صدارت اجلاس، صنعتی منصوبوں سمیت دیگر امور کا جائزہ

10 کروڑ روپے کے واجبات کی وصولی کیلئے 199، سے ہر سال سرکاری خزانے سے لاکھوں روپے کے اخراجات افسوسناک امر ہے

مشکل معاشی صورتحال میں ملک کسی صورت وسائل کے ضیاع کا متحمل نہیں ہو سکتا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر کی زیر صدارت ٹوٹا سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ کے لگائے گئے صنعتی منصوبوں اور بورڈ کی 1997ء میں تحلیل کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں اجلاس کو بتایا گیا کہ پنجاب انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ نے 14 صنعتی منصوبے لگائے جن میں 5 شوگر ملیں، 3 ٹیکسٹائل ملز اور 6 رائس ملز شامل ہیں۔ بورڈ کے لگائے تمام صنعتی منصوبوں کی نجکاری ہو چکی ہے، واجبات کی وصولی کے حوالے سے مختلف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

دنیا میں محنت کرنیوالے افراد ہی آج یاد رکھے جا رہے ہیں، ڈاکٹر جاوید اکرم

ڈاکٹرز میں لیڈرشپ کی سکلز ہونی چاہئیں، ہمارے ڈاکٹرز پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں

وزیر صحت کا ایگزیکٹو مینجمنٹ سکلز فار ہیلتھ کیئر پروفیشنلز ورکشاپ میں خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے مقامی ہوٹل میں ایگزیکٹو مینجمنٹ سکلز فار ہیلتھ کیئر پروفیشنلز ورکشاپ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر شاہد منہاس، پروفیسر عظمیٰ عاشق، اے ظفر خان، ڈاکٹر سین ناصر، معظم بھٹی اور ڈاکٹرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ ڈاکٹرز میں لیڈرشپ کی سکلز ہونی چاہئیں۔ ہمارے ڈاکٹرز پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ہیلتھ پروفیشنلز کیلئے ایگزیکٹو مینجمنٹ سکلز وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اداروں میں لیڈرشپ سکلز نہ ہونے کے باعث کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تربیتی سیشنز ہی حکیمانہ کارکردگی میں اضافہ کرتے ہیں۔ عوام کی بہتری کیلئے فلاحی منصوبوں کی کوئی ایکسپائری ڈیٹ نہیں ہونی چاہئے۔ ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تبلیغ کے اثرات چودہ سو سال بعد بھی معجزے کر رہے ہیں۔ اچھا لیڈر ہمیشہ کامیاب رہتا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

نہم کے امتحانی نتائج، ضلع قصور میں دو پہلی پوزیشنز طالبات کے نام رہیں

عائشہ پبلک ہائی سکول کی ایمن نصیر نے 550، حفصہ مشتاق نے 549 نمبر حاصل کیے

پھولنگر (مانیٹرنگ ڈیسک) نہم کلاس کے امتحان میں چھوکی کے نواحی علاقہ حسین خان والا چک نمبر 8 کے عائشہ پبلک ہائی سکول کی طالبات نے میدان مار لیا اور ضلع قصور کی پہلی دو پوزیشنیں اپنے نام کر لیں جبکہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول حسین خان والا چک نمبر 8 کے حافظ سلمان نے قصور بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی نہم کے ٹوٹل 555 نمبر میں سے عائشہ سکول کی ایمن نصیر نے 550 اور حفصہ مشتاق نے 549 نمبر لے کر ضلع قصور کی پہلی دو پوزیشنیں اپنے نام کر لیں، جبکہ آمنہ اکرم 542، عمارہ مقبول 542، میمونہ فاروق 540، ماہین ناصر 537، انیسہ جبیں 537، رقیہ 532، صامیہ حسین 530 سمیت 19 طالبات نے پانچ سو سے زائد نمبر حاصل کر کے ضلع اور تحصیل میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں، اسی طرح گورنمنٹ بوائز ہائی سکول حسین خان والا چک نمبر 8 کے حافظ سلمان زاہد نے 512 نمبر حاصل کر کے قصور بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کی اور سکول رزلٹ 50 فیصد سے زائد رہا، اہل علاقہ کی جانب سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

محکمہ داخلہ کا اسٹیج ڈراموں میں فحش حرکات کرنیوالی 18 ڈانسرز پر پابندی عائد کرنیکا فیصلہ

پہلے مرحلے میں پنجاب آرٹس کونسل کی سفارش پر 18 سٹیج ڈانسرز کو شوکاز نوٹس جاری، موقف دینے کیلئے ایک ہفتے کی مہلت

دوسرے مرحلے میں ان ڈانسرز پر صوبہ بھر میں پابندی عائد کر دی جائے گی، خوشبو خان، ماہ نور سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کیے گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر کی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے محکمہ داخلہ نے اسٹیج ڈراموں میں فحش حرکات کرنے والی 18 ڈانسرز پر پنجاب بھر میں پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا، پہلے مرحلے میں محکمہ داخلہ نے پنجاب آرٹس کونسل کی سفارش پر 18 سٹیج ڈانسرز کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں اور انہیں اپنا موقف دینے کے لیے ایک ہفتے کا وقت دیا گیا ہے، دوسرے مرحلے میں ان ڈانسرز پر صوبہ بھر میں پابندی عائد کر دی جائے گی۔ جن ڈانسرز کو فحش حرکات کرنے پر شوکاز نوٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

آئی ٹی انڈسٹری سروسز خدمات کی برآمدات کے گزشتہ مالی سال کے اعداد و شمار

خدمات کی فراہمی میں 0.53 فیصد کی معمولی کمی، کمپیوٹر سروسز کی برآمدات میں 0.08 فیصد اضافہ ہوا

ہارڈ ویئر کنسلٹنسی سروسز کی برآمدات 87.97 فیصد اضافے کے ساتھ بڑھ کر 5.485 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے مالی سال 2022-23 کے دوران مختلف ممالک میں انفارمیشن ٹیکنالوجی خدمات فراہم کر کے 2,605.340 ملین ڈالر آمدن حاصل کی۔ مالی سال 2021-22 کی اسی مدت کے دوران خدمات کی فراہمی کے ذریعے کمائے گئے 2,619.100 ملین ڈالر کے مقابلے میں 0.53 فیصد کی معمولی کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جولائی تا جون (23-2022) کے دوران کمپیوٹر سروسز کی برآمدات میں 0.08 فیصد اضافہ ہوا کیونکہ یہ گزشتہ مالی سال کے 2,109.370 ملین ڈالر سے بڑھ کر 2,110.990 ملین ڈالر تک پہنچ گئی۔ کمپیوٹر سروسز، سافٹ ویئر کنسلٹنسی سروسز کی برآمدات میں 4.36 فیصد کی کمی دیکھی گئی جو کہ 795.464 ملین ڈالر سے 760.780 ملین ڈالر تک گر گئی جبکہ ہارڈ ویئر کنسلٹنسی سروسز کی برآمدات 87.97 فیصد اضافے کے ساتھ، 2.918 ملین ڈالر سے بڑھ کر 5.485 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ کمپیوٹر ساف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی بٹگرام میں پاشتو کے مقام پر چیئر لفٹ میں پھنسے افراد کے لیے فوری اقدامات تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے بٹگرام میں پاشتو کے مقام پر چیئر لفٹ میں پھنسے افراد کے لیے فوری طور پر حفاظتی اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ منگل کو انہوں نے ہدایت کی کہ چیئر لفٹ میں پھنسے بچوں اور اساتذہ کی جانیں بچانے کے لیے فوری طور پر امدادی کارروائیاں جلد از جلد کی جائیں۔ انہوں نے چیئر لفٹ میں موجود بچوں اور اساتذہ کو بچانے کیلئے فوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

لاہور میں میٹرو بس اسٹیشن کے قریب بس الٹ گئی، 10 افراد زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے علاقے فیروز پور روڈ پر میٹرو بس اسٹیشن کے قریب بس الٹ گئی، حادثے سے 10 افراد زخمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

پاکستان رینجرز نے بھارت کی طرف سے اسمگلنگ کی بڑی کارروائی ناکام بنا دی، چھ بھارتی اسمگلر گرفتار

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان رینجرز نے بھارت کی طرف سے اسمگلنگ کی بڑی کارروائی ناکام بنا دی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق 29 جولائی تا 3 اگست دراندازی کی کوششوں میں 6 بھارتی اسمگلروں کو گرفتار کر لیا گیا اس حوالے سے آئی ایس پی آر نے بتایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

شہر میں لیونگ انوائرمنٹ میں بہتری کے لیے بنائی گئی کمیٹی کا اہم اجلاس، عدالتی احکامات کی روشنی میں کیے گئے اقدامات پر بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں لیونگ انوائرمنٹ میں بہتری کے لیے بنائی گئی کمیٹی کا اہم اجلاس گزشتہ روز ایل ڈی اے آفس جوہر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

ادویات کی قلت کی شکایات درج کرانے کیلئے موبائل ایپ لانچ کی جائے گی، وزیر صحت

عوام کی فلاح و بہبود میرا ایجنڈا اور مشن ہے، ادویات کی کوالٹی پر اور معیار پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، ڈاکٹر ندیم جان کا اجلاس سے خطاب

ڈریپ ادویات کی قلت کو ختم کرنے کیلئے ایک موبائل ایپلی کیشن بھی لانچ کرے گا جس پر عوام اور خوردہ فروش جیوٹیگنگ کے ذریعے ادویات کی قلت کی شکایت کر سکتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ قلیل مدت میں ڈریپ کی کارکردگی کو بہتر کرنے کیلئے موثر حکمت عملی بنا کر آیا ہوں، عوام کی فلاح و بہبود میرا ایجنڈا اور مشن ہے، ادویات کی کوالٹی پر اور معیار پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ وہ منگل کو اپنی زیر صدارت ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کے اجلاس میں گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت افتخار شلوانی، ایڈیشنل سیکرٹری کامران رحمان بھی موجود تھے۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈریپ نے وزیر صحت کو بریفنگ دی۔ وزیر صحت کو ڈریپ کے فنکشن چیلنجز اور کارکردگی بارے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر ندیم جان نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

ریلوے ملازم قیمتی کاپر وائر چوری کر کے لیجاتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ریلویز پولیس مغلپورہ ورکشاپس نے ریلوے کیرج شاپ میں کارروائی کر کے ریلوے ملازم کو ریلوے کی قیمتی کاپر وائر چوری کر کے لیجاتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ایس پی ریلوے مغلپورہ ملک محمد عتیق نے بتایا کہ ملازم مسلم خان کی ریلوے کیرج شاپ انچارج مافیہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

نویں جماعت کے امتحانی نتائج کا اعلان، کامیابی کا تناسب 49 اعشاریہ 60 فیصد رہا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز نے نویں جماعت کے سالانہ امتحانی نتائج کا اعلان کر دیا۔ لاہور بورڈ کے نویں جماعت کے سالانہ امتحان میں 2 لاکھ 95 ہزار 121 امیدواروں نے حصہ لیا جس کا کامیابی کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

لاہور پولیس کے کمپلینٹ سیل میں رواں سال 8895 درخواستیں موصول 8512 درخواستیں نمٹائی گئیں، 383 پر کارروائی جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس کے زیر انتظام کمپلینٹ سیل کے ذریعے شہریوں کو خدمات کی فراہمی مسلسل جاری ہے، لاہور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

جولائی میں برآمدات میں 12 فیصد کمی تشویشناک، نگران حکومت برآمدات میں اضافہ کیلئے اقدامات کرے، فاؤنڈر گروپ

لاہور (سٹاف رپورٹر) فاؤنڈر گروپ کے سرگرم رکن و پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن خادم حسین نے رواں مالی سال کے پہلے ماہ جولائی میں ملکی برآمدات میں 12 فیصد کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جون کے مقابلے میں جولائی کے برآمدات 29 کروڑ ڈالر کم رہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیروز پور بورڈ کے تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال 2023-24 کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 81)

حکومت ٹیکسیشن نظام کے حوالے سے دنیا کی نامور فرموں سے سٹڈی رپورٹس تیار کرائے، ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے 24 کروڑ آبادی والے ملک کا ٹیکسیشن نظام کا ڈھانچہ انتہائی بوسیدہ ہے، اس نظام کے ساتھ کسی صورت بھی محصولیات کا حجم نہیں بڑھایا جا سکتا، معیشت کو دستاویزی بنانے کے لئے انتہائی سخت فیصلے کرنا ہوں گے۔

مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 14 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو کی زیر صدارت ورکنگ پارٹی اجلاس میں منظوری دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2023-24 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے گیارہویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 3 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 14 ارب 13 کروڑ 76 لاکھ 23 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 76)

نارووال: ریسکیو اہلکار زہریلا دودھ پینے سے متاثرہ ہونیوالے بچوں کو طبی امداد دے رہا ہے

چھپکلی زدہ دودھ کی چائے پینے سے نو بچوں کی حالت غیر ہوگئی

ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل، حالت خطرے سے باہر

نارووال (بیورو رپورٹ) چھپکلی زدہ دودھ کی چائے پینے سے نو بچوں کی حالت غیر ہوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں بستان میں دودھ میں چھپکلی گر گئی تھی جس کا گھر والوں کو علم نہ ہو سکا۔ اہل خانہ نے صبح اسی دودھ سے چائے بنا کر بچوں کو دے دی جس کی وجہ سے نو بچوں کی حالت غیر ہوگئی اور انہوں نے قے کرنی شروع کر دی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کے جوانوں نے موقع پر پہنچ کر تمام بچوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کر دیا گیا۔ بچوں میں سیف اللہ، اسد، مریم، فروا، سمراء، شاداب، آنسہ، عبداللہ اور خضرا شامل ہیں۔ ریسکیو رز 1122 کے مطابق تمام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 80)

ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد نے امتحان میٹرک کلاس نہم سالانہ 2023ء کے نتائج کا اعلان کر دیا

کمشنر و چیئرپرسن تعلیمی بورڈ فیصل آباد سلوت سعید نے رزلٹ آن لائن کیا

مکوآنہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک کلاس نہم سالانہ 2023ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ نتائج کی سادہ و پروقار تقریب کمشنر و چیئرپرسن تعلیمی بورڈ فیصل آباد سلوت سعید کی زیر صدارت کارپوریشن آفس فیصل آباد میں منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر حبیب الرحمٰن، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد جعفر علی، پی آر او بورڈ رضوان احمد جوئیہ، پی ایس ٹو چیئرپرسن احسان احمد، آفتاب احمد اور ساجد حسین نقوی کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق 10 بجے دن چیئرپرسن بورڈ سلوت سعید نے بٹن دبا کر رزلٹ آن لائن کیا جس کے ساتھ ہی رزلٹ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk پر بھی اپ لوڈ ہو گیا۔ اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 82)

شدت پسند سوچ کی ہر سطح پر حوصلہ شکنی کی جائے، میاں عامر رزاق

ریاستی اداروں اور قانون کی رٹ ہر صورت قائم ہونی چاہیے، صدر پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے معاشرے میں بڑھتے ہوئے عدم برداشت کے رویے کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عدم برداشت کا بڑھتا طوفان خطرے کی گھنٹی ہے، ہمارا معاشرہ عدم برداشت کی وجہ سے ہی دوسرے ممالک سے پیچھے رہ گیا، بین المذاہب ہم آہنگی کسی بھی معاشرے کو پرامن بنانے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ معاشرے میں قیام امن کیلئے درس و تدریس کے نظام میں بہتری لانے کی ضرورت ہے، ہر شدت پسند سوچ کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ بچوں کو پڑھایا جائے کہ کوئی بھی مذہب برا نہیں ہے، انسانیت ہی سب سے بڑا مذہب ہے، جب سکول کی سطح پر ایسے صحتمند دماغ پیدا کیے جائیں گے تو یہی لوگ معاشرے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 83)

صوبائی وزیر محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد ماس ٹرانزٹ اتھارٹی پنجاب کو مالی لحاظ سے مستحکم کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سائفر معاملے پر شامل تفتیش ہو چکا ہوں، سائفر معاملے پر کلین ثابت ہوں گے

اسد عمر

میری گرفتاری کی غلط خبر تھی، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے گرفتار نہیں کیا تھا، سائفر کے معاملے میں عدالت آیا ہوں

مقدمہ سیکرٹری داخلہ کی مدعیت میں سنگین آفیشل سیکریٹ ایکٹ 1923 کی دفعہ 5، 9 پی پی سی سیکشن 34 کے تحت درج کیا گیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ میری گرفتاری کی غلط خبر تھی، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے گرفتار نہیں کیا تھا۔ ایک انٹرویو میں اسد عمر نے کہا کہ سائفر کے معاملے میں عدالت آیا ہوں، سائفر کیس میں ضمانت قبل از گرفتاری دائر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو بار سائفر معاملے پر شامل تفتیش ہو چکا ہوں، سائفر معاملے پر کلین ثابت ہوں گے۔ واضح رہے کہ دو روز قبل یہ خبر گردش کر رہی تھی کہ اسد عمر کو سائفر کیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر تحلیل شدہ پنجاب انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ کے امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کے وفد کی کیتھیڈرل چرچ آمد، بشپ ندیم کامران سے ملاقات

پاکستان میں آئین و قانون اور اس کی ترقی میں ہم سب کو مل کر چلنا ہے، صدر پیپلز پارٹی لاہور کی میڈیا سے گفتگو

پاکستان بنانے میں جہاں مسلمانوں نے کردار ادا کیا وہیں مسیحی بھی پیچھے نہیں رہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر چوہدری اسلم گل نے جڑانوالہ واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسا قانون بنایا جائے کہ آئندہ ایسے واقعات نہ ہوں۔ وہ پیپلز پارٹی لاہور کے وفد کے ہمراہ کیتھیڈرل چرچ لاہور کے دورے میں بشپ آف لاہور ندیم کامران کیساتھ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع آصف ناگرا، صداقت شیروانی، عارف خان، نصیر احمد، عمر شریف بخاری، عمر ایاز، پروین شیخ، شکیل پاشا ایڈووکیٹ، ڈاکٹر سلیم مسیح، ندیم گل، سہیل آصف سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ پیپلز پارٹی کے وفد نے سانحہ جڑانوالہ کی مزمت کی اور بشپ آف لاہور ندیم کامران سے اظہار یکجہتی کیا اور بتایا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سابق صدر آصف علی زرداری کی خصوصی ہدایات پر مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے آئے ہیں۔ اسلم گل نے کہا کہ ہم بشپ آف لاہور ندیم کامران کی موجودگی میں کہتے ہیں کہ اگر کوئی قرآن پاک کی بے حرمتی کرتا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

لاہور: چیئرمین واپڈا انجینئر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سجاد غنی دیامیر بھاشا ڈیم کا دورہ کرتے ہوئے

معیشت کی بحالی کیلئے کمیٹی کی تشکیل سے معاشی بحران کے خاتمہ میں مدد ملے گی، میاں خرم الیاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہور میاں خرم الیاس نے نگران وزیراعظم کی طرف سے معیشت کی بحالی کیلئے کمیٹی کی تشکیل کو خوش آئند قرار دیتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

سگریٹ سیکٹر پر عائد بھاری ٹیکسز کے باوجود اہداف حاصل نہ ہو سکے

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت کی جانب سے سگریٹ سیکٹر پر عائد بھاری ٹیکسز کے باوجود اہداف حاصل نہ ہو سکے، گزشتہ مالی سال 2022-23 میں سگریٹ سے حاصل ہونے والے متوقع 240 ارب روپے کے ٹیکس ریونیو ہدف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

حیدرآباد سکھر موٹر وے اسکینڈل، 6 انکوائریاں یکجا، نیب کراچی کے سپرد

کراچی (بیورو رپورٹ) حیدرآباد سکھر موٹر وے اسکینڈل کے سلسلے میں 6 الگ الگ انکوائریوں کو یکجا کر کے معاملہ صرف نیب کراچی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حیدرآباد سکھر موٹر کرپشن اسکینڈل کے سلسلے میں نیب کراچی، نیب سکھر، اینٹی کرپشن کراچی، اینٹی کرپشن سکھر، ایف آئی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)